Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 منگل، 21 مارچ، 2023ء، 28 شعبان المعظم 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 299

چیف جسٹس نے کہا ہے کہ عدلیہ آئین کے نفاذ کیلئے کوشاں ہے، سچائی اور دیانتداری کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے، معاشرے میں امن وسکون کے لیے سب کو حصہ ڈالنا ہوگا

آئین کے نفاذ کیلئے کوشاں، معاشرے میں امن کیلئے سب کو حصہ ڈالنا ہوگا: چیف جسٹس

جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ ایک دوسرے کے ساتھ اختلافات دور کریں، قومی اداروں کا تحفظ کرنا بھی ہمارا کام ہے، اگر قانون اور عدالت کا احترام نہیں ہوگا تو انتشار ہوگا

سپریم کورٹ کوئٹہ رجسٹری میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ ریاست کا وجود ایک ماں کی طرح ہوتا ہے، قانون کی برتری سے ہی ملک مستحکم اور ترقی کرتے ہیں

کوئٹہ (نمائندہ خصوصی) چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ عدلیہ آئین کے نفاذ کیلئے کوشاں ہے، معاشرے میں امن کیلئے سب کو حصہ ڈالنا ہوگا۔ سپریم کورٹ کوئٹہ رجسٹری میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ ریاست کا وجود ایک ماں کی طرح ہوتا ہے، قانون کی برتری سے ہی ملک مستحکم اور ترقی کرتے ہیں۔ چیف جسٹس نے کہا ہے کہ عدلیہ آئین کے نفاذ کیلئے کوشاں ہے، سچائی اور دیانتداری کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے، معاشرے میں امن وسکون کے لیے سب کو حصہ ڈالنا ہوگا۔ جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ ایک دوسرے کے ساتھ اختلافات دور کریں، قومی اداروں کا تحفظ کرنا بھی ہمارا کام ہے، اگر قانون اور عدالت کا احترام نہیں ہوگا تو انتشار ہوگا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے مزید کہا کہ موجودہ حالات میں سب کو اکھٹے ہو کر چلنا چاہیے، ترقی کے لئے قربانیاں دینا پڑتی ہیں۔ چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ عدلیہ آئین کے نفاذ کیلئے کوشاں ہے، معاشرے میں امن کیلئے سب کو حصہ ڈالنا ہوگا۔ سپریم کورٹ کوئٹہ رجسٹری میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ ریاست کا وجود ایک ماں کی طرح ہوتا ہے، قانون کی برتری سے ہی ملک مستحکم اور ترقی کرتے ہیں۔ چیف جسٹس نے کہا ہے کہ عدلیہ آئین کے نفاذ کیلئے کوشاں ہے، سچائی اور دیانتداری کا دامن نہیں چھوڑنا (بقیہ نمبر 1)

PTI کی جانب سے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے: احسن اقبال

پاکستان میں ایک شخص کے لئے وی آئی پی قانون ہے، دیگر لوگوں کے ساتھ امتیازی سلوک کیوں ہے؟ ہم سب کے کیا گناہ تھے

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) رہنما مسلم لیگ ن اور وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی جانب سے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے رہنما مسلم لیگ ن اور وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ (بقیہ نمبر 4)

پنجاب الیکشن: حلقہ PP/149 سے مریم نواز کے کاغذات نامزدگی منظور

پنجاب اسمبلی انتخابات میں حصہ لینے کیلئے مریم نواز کی جانب سے 3 حلقوں سے کاغذات نامزدگی جمع کروائے گئے تھے

لاہور (نامہ نگار) پنجاب اسمبلی کے حلقے پی پی 149 سے مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز کے کاغذات نامزدگی منظور کر لئے گئے۔ پنجاب میں انتخابات کیلئے امیدواروں کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال جاری ہے، لاہور کے حلقہ (بقیہ نمبر 3)

PTI کے 125 کارکنان کی نظربندی غیرقانونی قرار، فوری رہائی کا حکم

عدالت نے تحریک انصاف کے کارکنان کی نظر بندی غیر قانونی قرار دے دی اور کارکنوں کو فوری رہا کرنے کا حکم دے دیا

راولپنڈی (خصوصی خبر نگار) لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے تحریک انصاف کے کارکنان کی نظر بندی غیر قانونی قرار دے کر 125 کارکنوں کو فوری رہا کرنے کا حکم دیدیا۔ لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ میں تحریک انصاف کے کارکنوں کی نظر بندی کیخلاف (بقیہ نمبر 2)

آرمی چیف کے خلاف مہم ناقابل برداشت اور اداروں کے خلاف سازش کا تسلسل ہے، بیرون ملک محبّ وطن پاکستانی فارن فنڈڈ مہم کے خلاف آواز بلند کریں

آرمی چیف کیخلاف مہم اداروں کیخلاف سازش کا تسلسل ہے: شہباز شریف

وزیراعظم شہباز شریف نے مزید کہا کہ تاریخ میں پہلی بار میرٹ پر لگنے والے آرمی چیف کے خلاف مہم ملک دشمنوں کا ایجنڈا ہی ہوسکتا ہے، قوم اپنے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے اور شرپسندوں کے خلاف متحد ہے

زہریلی سیاست کو بیرون ملک پاکستانیوں کے ذریعے پھیلا رہے ہیں، بیرون ملک پاکستانی اس سازش کا حصہ نہ بنیں، عمران خان اداروں اور ان کے سربراہوں کو اپنی گندی سیاست میں گھسیٹ کر آئین شکنی کر رہے ہیں

پاکستان میں افراتفری، فساد اور بغاوت کو ہوا دینے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے، وزیراعظم نے وزیر داخلہ کو ہدایت کی کہ ملک کے اندر اداروں کے خلاف غلیظ مہم چلانے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے فوج اور اس کے سپہ سالار جنرل عاصم منیر کے خلاف بیرون ملک چلنے والی غلیظ مہم کی شدید مذمت کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر مرحلہ وار ٹوئٹس میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آرمی چیف کے خلاف مہم ناقابل برداشت اور اداروں کے خلاف سازش کا تسلسل ہے، بیرون ملک محب وطن پاکستانی فارن فنڈڈ مہم کے خلاف آواز بلند کریں۔ وزیراعظم نے کہا کہ زہریلی سیاست کو بیرون ملک پاکستانیوں کے ذریعے پھیلا (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: ثاقب نثار اور خواجہ طارق نے آڈیو میں بیٹی مریم نواز بارے گھٹیا گفتگو کی: وزیر اعظم

زمان پارک ہنگامہ آرائی؛ پی ٹی آئی کے 102 ملزمان کو جیل بھیجنے کا حکم

لاہور (خصوصی رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت نے زمان پارک میں ہنگامہ آرائی کیس میں تحریک انصاف کے 102 ملزمان کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔ ہنگامہ آرائی

تحریک انصاف کا نگران وزیراعلیٰ پنجاب کی پریس کانفرنس پر ردِعمل

آپ جتنے بڑے غنڈے بنے ہوئے ہو، دو تین ہفتے رک جاؤ تم نے جوتے چھوڑ بھاگنا ہے، فواد

لاہور (خبر نگار) تحریک انصاف نے نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی پریس کانفرنس پر سخت ردعمل دے دیا ہے۔ سابق وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے ٹویٹر پر جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ محسن نقوی آپ جتنے بڑے غنڈے بنے ہوئے ہو، دو تین ہفتے رک جاؤ تم نے جوتے چھوڑ کر بھاگنا (بقیہ نمبر 6)

FFC نے سندھ میں سیلاب سے نجات کی کوششوں کے طور پر 67 نئے تعمیر شدہ مکانات متاثرہ آبادی کے حوالے کیے

ذرائع کے مطابق، فوجی فرٹیلائزر کمپنی (ایف ایف سی) کی آزمائش کے اوقات میں پسماندہ طبقے کے ساتھ کھڑے ہونے کی ایک طویل تاریخ ہے

رمضان کریم کے آغاز سے قبل مزید 22 مکانات کی تعمیر مکمل کرنے اور حوالے کرنے کی کوششیں جاری ہیں تاکہ مکین عیدالفطر خوشی سے منا سکیں

سندھ (نمائندہ عوامی للکار) موسلا دھار بارشوں اور سیلاب نے گزشتہ سال پاکستان کا ایک تہائی حصہ ڈوب کر متاثرین کی جان و مال کو بھاری نقصان پہنچایا تھا۔ ذرائع کے مطابق، فوجی فرٹیلائزر کمپنی) ایف ایف سی (کی آزمائش کے اوقات میں پسماندہ طبقے کے ساتھ کھڑے ہونے کی ایک طویل (بقیہ نمبر 12)

سندھ: ایف ایف سی نے سندھ میں سیلاب سے نجات کی کوششوں کے طور پر 67 نئے تعمیر شدہ مکانات متاثرہ آبادی کے حوالے کیے

شیریں مزاری کا بیان قابل مذمت اور لاقانونیت کی انتہا ہے: رانا ثناء اللہ

واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی رہنما شیریں مزاری نے ٹوئٹر پیغام میں اسلام آباد پولیس کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا

شیریں مزاری کا بیان قابل مذمت اور لاقانونیت کی انتہا ہے، افسران کیخلاف جھوٹ بول کر عوام کو اکسانا جرم ہے، وفاقی وزیر داخلہ

لاہور (خبر نگار) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ فارن ایجنٹ ریاست کیخلاف کھل کر سامنے آ چکے، انجام کو پہنچائیں گے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر پیغام میں رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ شیریں مزاری کا بیان قابل مذمت اور لاقانونیت کی انتہا ہے، افسران کیخلاف جھوٹ بول کر (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

03 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (خبر نگار) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 03 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے ملزم عبدالرحمان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، رتہ امرال پولیس نے ملزم وقار سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ویسٹریج پولیس نے ملزم شوکت سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کلرسیداں پولیس نے ملزم وقاص طارق سے آہنی مکہ برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج (بقیہ نمبر 13)

جوڈیشل کمپلیکس میں مجھے ٹریپ کیا گیا، قتل ہونے سے اللہ نے بچایا: عمران خان

سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ عدالت جانے کا وعدہ کیا تھا، فاشسٹ، امپورٹڈ حکومت نے جو کچھ کیا ایسا تاریخ میں نہیں ہوا

ٹول پلازہ پر شیلنگ کر کے کارکنوں کو اشتعال دلایا گیا، آنسو گیس کی شیلنگ اور پولیس کی جانب سے پتھراؤ بھی کیا گیا، چیئرمین پی ٹی آئی

لاہور (اسپیشل رپورٹر) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ جوڈیشل کمپلیکس میں مجھے ٹریپ کیا گیا، قتل ہونے سے اللہ نے بچایا، کیسز کرنے کا مقصد مجھے یہاں سے نکال کر قتل کرنا ہے، ان کا ایک ہی مقصد مجھے راستے سے ہٹانا ہے، ملک کی بڑی پارٹی کے سربراہ کو اگر قتل کریں گے تو ملک میں فساد ہو گا۔ لاہور میں ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ عدالت جانے کا وعدہ کیا تھا، فاشسٹ، امپورٹڈ حکومت نے جو کچھ کیا ایسا تاریخ میں نہیں ہوا، اسلام آباد ٹول پلازے کو ایک لین کے سوا بند کر دیا گیا، ٹول پلازہ سے جوڈیشل کمپلیکس تک ساڑھے 4 گھنٹے پہنچنے میں لگے، ٹول پلازہ پر ہمارے کارکن کم تھے پتا نہیں لوگ کہاں سے آ گئے۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے مزید کہا کہ ٹول پلازہ پر شیلنگ کر کے (بقیہ نمبر 11)

محکمہ صحت کی جانب سے 22 مارچ تک ہفتہ صحت منایا جا رہا ہے

ہیلتھ سنٹرز اور بی ایچ یوز پر مفت طبعی معائنہ کے لیے خصوصی کیمپس لگائے گئے ہیں

سرگودھا (ظہور حسین بخاری سے) محکمہ صحت کی جانب سے 22 مارچ تک ہفتہ صحت منایا جا رہا ہے۔ ڈی ایچ کیو سمیت تمام تحصیل ہسپتالوں اور منتخب کردہ رورل ہیلتھ سنٹرز اور بی ایچ یوز (بقیہ نمبر 8)

اپسما ضلع راولپنڈی کی طرف سے راولپنڈی تعلیمی بورڈ کے افسران کے ترقی پانے پر مقامی ریسٹورنٹ میں ایک پرتکلف ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) اپسما ضلع راولپنڈی کی طرف سے راولپنڈی تعلیمی بورڈ کے افسران کے ترقی پانے پر مقامی ریسٹورنٹ میں ایک پرتکلف ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں اسسٹنٹ کنٹرولر راجہ سجاد اکبر، صدر ایمپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن راولپنڈی بورڈ راجہ عثمان شہزاد، PA ٹو سیکرٹری راولپنڈی محبوب الٰہی، سابق PS (بقیہ نمبر 10)

کمشنر محمد اجمل بھٹی نے مفت آٹے کی فراہمی کے لیے قائم پوائنٹس کا معائنہ کیا

پر شناختی کارڈ کی سکیننگ، ریکارڈ کے اندراج کے بعد آٹا کے تھیلے کی تقسیم کو مانیٹر کیا

سرگودھا (خبر نگار) کمشنر محمد اجمل بھٹی اور ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی نے تحصیل سلانوالی اور ساہیوال میں مفت آٹے کی فراہمی کے لیے قائم پوائنٹس کا معائنہ کیا۔ انہوں نے کاؤنٹرز پر شناختی کارڈ کی سکیننگ، ریکارڈ کے اندراج کے بعد آٹا کے تھیلے کی تقسیم کو مانیٹر کیا اور کہا کہ شفافیت اس (بقیہ نمبر 9)

ڈگری کے دی اسمارٹ اسکول غلام سکینہ کیمپس ڈگری میں سائنس اینڈ آرٹ نمائشی میلے کا انعقاد کیا گیا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ڈگری کے دی اسمارٹ اسکول غلام سکینہ کیمپس ڈگری میں سائنس اینڈ آرٹ نمائشی میلے کا انعقاد کیا گیا نمائشی میلے کا افتتاح مہمان خصوصی (بقیہ نمبر 14)

لاہور: آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے بانی وصدر ایم ایم علی اور سینئر نائب صدر حافظ محمد زاہد، سہیل گھمن (جی ایم پاک ہیری ٹیج ہوٹل) کو بیسٹ ایونٹ آرگنائزر کا ایوارڈ دے رہے ہیں

کراچی: پاک بحریہ کا جہاز امدادی سامان لے کر ترکیہ کی بندرگاہ مرسین پہنچ گیا

پاکستان بحریہ کا جہاز نصر شام میں امدادی مشن مکمل کرنے کے بعد ترکیہ پہنچ گیا

جہاز پر موجود تقریبا 200 ٹن امدادی سامان زلزلہ متاثرین میں تقسیم کے لیے ترک حکام کے حوالے کیا جائے گا

پی این ایس نصر نے خیموں، کمبل، گرم کپڑے، راشن، ادویات اور جنریٹرز پر مشتمل امدادی سامان کی بڑی کھیپ شامی حکام کے حوالے کی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) انسانی ہمدردی اور ڈیزاسٹر ریلیف کے بین الاقوامی مشن پر تعینات پاک بحریہ کا جہاز پی این ایس نصر شام میں امدادی مشن مکمل کرنے کے بعد ترکیہ کی بندرگاہ مرسن پہنچ گیا۔ جہاز پر موجود تقریبا 200 ٹن امدادی سامان زلزلہ متاثرین میں تقسیم کے لیے ترک حکام کے (بقیہ نمبر 15)

PTI کے تحصیل ناظم حویلیاں کی گاڑی پر فائرنگ، 6 افراد جاں بحق

ڈی پی او عمر طفیل کے مطابق گاڑی میں 8 افراد سوار تھے، گاڑی مکمل جل گئی، فائرنگ سے 6 افراد جاں بحق ہوئے ہیں

عمر طفیل کے مطابق گاڑی میں موجود ڈیڈ باڈیز جل گئی ہیں، عاطف منصف خان کی گاڑی میں موجودگی کی تصدیق کی گئی ہے

ایبٹ آباد (خصوصی رپورٹر) پی ٹی آئی کے تحصیل ناظم حویلیاں عاطف منصف خان کی گاڑی پر فائرنگ میں 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ڈی پی او عمر طفیل کے مطابق گاڑی میں 8 افراد سوار تھے، گاڑی مکمل جل گئی، فائرنگ سے 6 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔ عمر طفیل کے مطابق گاڑی میں (بقیہ نمبر 20)

ایبٹ آباد: پی ٹی آئی کے تحصیل ناظم حویلیاں عاطف منصف خان کی گاڑی پر فائرنگ میں 6 افراد جاں بحق ہو گئے

میرے خیال سے عمران خان کو ہٹانے میں فوج نے بھی ساتھ دیا ہوگا، مفتاح اسماعیل

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسمائیل کا کہنا ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ مشکل فیصلے کر لیے ہوتے تو اکتوبر نومبر سے بہتری آنے کا قوی امکان تھا۔ انہوں نے انٹرویو (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد پولیس نے حسان نیازی کو گرفتار کرلیا

اسلام آباد (رانا فہد سے) اسلام آباد پولیس نے پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کے بھانجے حسان نیازی کو گرفتار کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حسان نیازی کی گرفتاری جوڈیشل کمپلیکس کے باہر سے کی گئی۔ وکیل نعیم حیدر نے کہا (بقیہ نمبر22)

پشاور پولیس کی کاروائی، راہزن گروہ گرفتار، چھینی گئی رقم برآمد

گرفتار ملزمان نے ابتدائی تفتیش کے دوران واردات میں ملوث ہونے کا اعتراف کرلیا

پشاور (کرائم رپورٹر) پشاور میں تھانہ فقیر آباد کی حدود بشیر آباد روڈ پر اسلحے کی نوک پر 25 لاکھ روپے چھیننے میں ملوث راہزن گروہ کو 24 گھنٹوں کے اندر گرفتار کر لیا۔ ایس پی فقیر آباد ڈویژن ڈاکٹر محمد عمر کے مطابق گرفتار ملزمان میں مرسلین، سیف اللہ اور عمران شامل ہیں، گرفتار ملزمان نے منصوبہ بندی کے تحت پراپرٹی ڈیلر مظہر احمد سے لاکھوں روپے چھیننے کے دوران مزاحمت پر فائرنگ بھی کی تھی۔ ملوث ملزمان کا سراغ لگانے کے لئے اے ایس پی فقیر آباد سید طلال احمد شاہ کی سربراہی میں تھانہ فقیر آباد اور تھانہ پہاڑی پورہ پولیس پر مشتمل خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی سی ٹی وی فوٹیج، جیو ٹیگنگ، موبائل ڈیٹا (بقیہ نمبر 18)

کاروباری شخصیت مرزا رشید اور گوجر خان بار ایسوسی کے سینئر وکیل مرزا راشد رشید کی والدہ سپرد خاک

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان سماجی کاروباری شخصیت رشید چکن شاپ والے کی زوجہ اور گوجر خان بار ایسوسی ایشن کے سینئر قانون دان مرزا راشد رشید کی والدہ ماجدہ کو سپرد خاک کر دیا گیا (بقیہ نمبر 17)

علی امین گنڈاپور کی پولیس چیک پوسٹ پر فائرنگ

چیک پوسٹ پر علی امین گنڈاپور کی گاڑی کو تیز رفتاری پر روکا گیا

تلخ کلامی پر پی ٹی آئی رہنماؤں نے، چیک پوسٹ پر فائرنگ کی اور چلے گئے، ترجمان بھکر پولیس

بھکر (اسپیشل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی امین گنڈاپور نے داجل چیک پوسٹ بھکر پر فائرنگ کر دی۔ رپورٹ کے مطابق بھکر پولیس نے اس حوالے سے کہا ہے کہ داجل چیک پوسٹ پر علی امین گنڈاپور کی گاڑی کو تیز رفتاری پر روکا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ گاڑی روکے جانے پر علی (بقیہ نمبر 16)

وزارت کے ذیلی اداروں سے متعلق 7 قوانین زیر غور ہیں

قوانین کو کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی کیسز کو ارسال کیا جائے گا، شاہیرہ شاہد

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) وفاقی سیکرٹری وزارت اطلاعات ونشریات شاہیرہ شاہد نے کہا ہے کہ وزارت اطلاعات ونشریات میں ذیلی اداروں سے متعلق 7 قوانین زیر غور ہیں، (بقیہ نمبر 23)

کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چھٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ علی عمران کو تبدیل کیا جائے

ان خیالات کا اظہار، سید شاہد علی شاہ نے گزشتہ روز اپنے ایک بیان کیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چیئرمین انجمن تاجران کمرشل مارکیٹ سید شاہد علی شاہ نے کمرشل مارکیٹ سٹلائیٹ ٹاؤن میں ٹی او آر ریگولیشن علی عمران کی طرف سے تجاوزات کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن کی مذمت کرتے ہوئے کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چھٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ علی عمران کو تبدیل کیا جائے کیونکہ یہ راولپنڈی شہر میں ناجائز تجاوزات مافیا کا سربراہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین (بقیہ نمبر 19)

نیب نے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی اہلیہ کو طلب کرلیا

نیب نے 8 نومبر 2022 کو عمران خان کے خلاف توشہ خانہ کیس کی تحقیقات شروع کیں

بشریٰ بی بی کو 21 مارچ کو طلب کیا گیا ہے، نیب ٹیم طلبی کے نوٹس کی تعمیل کیلئے زمان پارک پہنچ گئی

لاہور (غلام عباس سے) توشہ خانہ کیس، بشریٰ بی بی کو طلب کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیب نے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو طلب کرلیا ہے، نیب ٹیم طلبی کے نوٹس کی تعمیل کیلئے زمان پارک پہنچ گئی۔ نیب کی جانب سے عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو 21 مارچ کو طلب کیا (بقیہ نمبر25)

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں محرر اور ریڈر سٹاف سے میٹنگ

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں محرر اور ریڈر سٹاف سے میٹنگ، اہم ہدایات دیں اور مسائل دریافت کیے شہریوں کے ساتھ تحمل سے بات کریں اور خوش اخلاقی سے پیش آئیں، کسی شہری کے ساتھ (بقیہ نمبر27)

قبائلی اضلاع کے ساتھ فاٹا انضمام کے وقت کیے گئے وعدے پورے کیے جائے

ضلع خیبر سمیت پورے قبائلی علاقوں میں امن قائم کیا جائے، امیر جماعت اسلامی

ضلع خیبر (اکبر آفرو) باڑہ میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام خیبر امن جلسے سے جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سراج الحق نے کہا کہ قبائلی اضلاع کے ساتھ فاٹا انضمام کے وقت کیے گئے وعدے پورے کیے جائے اور این ایف سی ایوارڈز میں مختص تین فیصد حصہ دیا جائے ضلع خیبر سمیت پورے قبائلی علاقوں میں امن قائم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی اضلاع میں سالانہ ایک سو دس ارب روپے خرچ نہ ہو سکے جن کے ذمہ دار پی ٹی آئی اور پی ڈی ایم حکومتیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 28)

پنجاب گورنمنٹ کی جانب سے فری آٹا فراہمی DC راولپنڈی کی ہدایات پر میگا پوائنٹ گوجر خان سٹیڈیم میں فعال کر دیا گیا

اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نیکو کارہ کا میگا پوائنٹ کا وزٹ شہریوں کے کارڈ بذات خود چیک کیے اور سہولیات کا جائزہ لیا

گوجر خان انتظامیہ کی جانب سے میگا پوائنٹ پر بہترین سہولیات فراہم کرنے کے دس کاونٹر بنائے گے اور شہریوں کے لیے تمبو لگا کر چھاوں کا انتظام کیا گیا

گوجر خان (سٹاف رپورٹر) تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ آف پنجاب کی جانب سے فری آٹا فراہمی کے لیے ڈی سی راولپنڈی کی ہدایات پر گوجر خان جی ٹی روڈ سپورٹس سٹیڈیم میں میگا فری آٹا پوائنٹ کا آغاز کر دیا گیا گوجر خان انتظامیہ کی جانب سے میگا پوائنٹ پر بہترین سہولیات فراہم کرنے کے دس کاونٹر بنائے گے اور شہریوں کے لیے تمبو لگا کر چھاوں کا انتظام کیا گیا اور پینے کے لیے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں ایک میڈیکل کمپ بھی لگایا گیا جبکہ کسی بھی قسم کہ شکایات کے کے لیے ایک کاونٹر بھی بنایا گیا گوجر خان انتظامیہ کی جانب سے شہریوں کے لیے اس طرح کے اقدامات کو عوامی حلقوں نے خوب سراہا میگا فری آٹا پوائنٹ پر گوجر خان انتظامیہ کی جانب سے بلدیہ کا عملہ اور پولیس تھانہ گوجر خان کے اہلکاروں کو کسی بھی قسم کے ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے تعینات کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نیکو اور چیف آفیسر بلدیہ اظہر مجید نے میگا پوائنٹ کا وزٹ کیا اور عوام کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا جبکہ اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان نے بذات خود سیل پوائنٹ کاونٹر پر شہریوں کے آئی ڈی کارڈز اہلیت جانے کے (بقیہ نمبر 24)

گورنمنٹ آف پنجاب کی جانب سے فری آٹا فراہمی کے لیے ڈی سی راولپنڈی کی ہدایات پر میگا پوائنٹ گوجر خان سٹیڈیم میں فعال کر دیا گیا

کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کا علی الصبح شہر کی مختلف یونین کونسلز کا دورہ

انہوں نے یونین کونسل 75'74'24'23'22 '21 کا دورہ کیا

میونسپل کارپوریشن، واسا کے حکام سمیت مختلف محکموں کے افسران اور اہلکار بھی موجود تھے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ نے راولپنڈی شہر کی مختلف یونین کونسلز کا گزشتہ روز علی الصبح سرپرائز دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر راولپنڈی نے سڑکوں اور گلیوں کی صفائی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مختلف گلیوں میں پیدل چل کر صفائی کے معیار کا جائزہ لیا۔ انہوں نے شہریوں سے صفائی کے بارے میں بھی دریافت کیا۔ کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کا کہنا تھا کہ آر ڈبلیو ایم سی کا تمام فیلڈ سٹاف مکمل مستعدی سے کام کر رہا ہے۔ صفائی کے نظام میں بہتری سے بیماریوں کی (بقیہ نمبر 26)

چیف جسٹس عمر عطاء بندیال کی سپریم کورٹ کوئٹہ رجسٹری آمد، جسٹس جمال خان مندوخیل نے استقبال کیا

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) چیف جسٹس عمر عطاء بندیال سپریم کورٹ کوئٹہ رجسٹری کی نو تعمیر شدہ عمارت میں پہنچ گئے، چیف جسٹس کا یہاں پہنچنے پر جسٹس جمال خان مندوخیل نے استقبال کیا بعد (بقیہ نمبر 29)

لاہور: نگران پنجاب حکومت کا زمان پارک واقعہ کی تحقیقات کیلئے جے آئی ٹی بنانے کا اعلان

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

پولیو کا پہلا کیس

پاکستان میں رواں سال کا پہلا پولیو کیس صوبہ خیبر پختونخوا سے رپورٹ ہوا ہے۔ خبروں کے مطابق تین سالہ متاثرہ بچے کا تعلق ضلع بنوں سے ہے۔ یہ کیس ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب فرانسیسی ایجنسی برائے ترقی (اے ایف ڈی) اور بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن (بی ایم جی ایف) کے وفود پولیو کے خاتمے کی کوششوں کا تجزیہ کرنے کے لیے ملک میں موجود ہیں۔ وزارت صحت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق اے ایف ڈی اور بی ایم جی ایف کے نمائندوں نے وفاقی وزیر صحت سے ملاقات بھی کی جس میں سماجی تحفظ اور صحت سے متعلق بالخصوص پولیو کے خاتمے کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل کا کہنا تھا کہ پولیو کی موجودگی سے پتہ چلتا ہے کہ یہ وائرس ہماری کمیونٹیز میں گردش کر رہا ہے اور ہمارے بچوں کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ رمضان اور عید قریب آنے کے ساتھ آبادی کی نقل و حرکت وائرس مزید پھیلنے کا خطرہ بڑھا سکتی ہے اس لیے ضروری ہے کہ والدین اپنے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے ذمہ داران کے مطابق انسداد پولیو کی مہم کو خاص طور پر مارچ میں اس لیے شروع کیا گیا ہے کیونکہ رمضان اور عید کی چھٹیوں کے دوران لوگوں کی آمدورفت زیادہ ہوتی ہے۔ سندھ اور پنجاب میں 13 مارچ سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کے دو کروڑ 15 لاکھ سے زیادہ بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جانا ہیں۔ ساتویں قومی مردم شماری کی سرگرمیوں کی وجہ سے پانچ روزہ پولیو مہم دو مراحل میں مکمل کی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں 13 سے 17 مارچ کے دوران پنجاب کے 13 جبکہ سندھ اور اسلام آباد کے 16 اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر کے ایک کروڑ 74 لاکھ سے زائد بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے گئے ہیں، دوسرا مرحلہ تین سے سات اپریل تک مکمل کیا جائے گا۔ رمضان کے دوسرے ہفتے میں بلوچستان کے 12 جبکہ خیبر پختونخوا کے 26 اضلاع میں 41 لاکھ 20 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جائیں گے۔ 2021 میں پولیو نے 20 بچوں کو معذور کر دیا تھا تاہم پاکستان میں ستمبر 2022 کے بعد سے اس کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا تھا۔ رواں برس جنوری میں لاہور کے دو الگ الگ مقامات سے ماحولیاتی نمونوں میں پہلی بار پولیو وائرس کی تشخیص ہوئی جس کے بعد سے مزید دو نمونوں میں اس کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے، ایک ڈیرہ اسمٰعیل خان جبکہ دوسرا نمونہ گھوٹکی کا تھا۔ ماضی میں بھی پولیو کا وائرس مختلف شہروں میں کہیں نہ کہیں سے ملتا رہا ہے جس کی وجہ سے پولیو فری پاکستان کا خواب آج تک شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکا۔ دنیا بھر سے اگرچہ اس کا خاتمہ کر دیا گیا ہے لیکن بدقسمتی سے صرف افغانستان اور پاکستان وہ ممالک ہیں جہاں پولیو آج بھی موجود ہے اور بچوں کے لیے خطرہ بنا ہوا ہے۔ 90 کی دہائی کے اوائل میں رپورٹ ہونے والے 20 ہزار کیسوں کی نسبت پولیو کیسوں کی تعداد میں 99 فیصد سے زیادہ کمی آ چکی ہے تاہم اس کا مکمل خاتمہ نہیں کیا جا سکا۔ 2021 کے دوران پاکستان کے جنوبی صوبے بلوچستان کے شہر قلعہ عبداللہ سے تعلق رکھنے والے ایک بچے کے جسم سے حاصل کیے گئے نمونوں میں پولیو کے جراثیم پائے گئے تھے، اس کے بعد سے پاکستان میں اب یہ کیس سامنے آیا۔ عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے معیار کے مطابق کسی ملک میں لگاتار تین سال تک پولیو کا کوئی کیس سامنے نہ آنے کی صورت میں ہی اسے پولیو سے پاک ملک (پولیو فری کنٹری) قرار دیا جا سکتا ہے۔ پاکستان انسداد پولیو پروگرام کے اعداد و شمار کے مطابق ہر سال انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کے کروڑوں بچوں کو ویکسین پلائی جاتی ہے تاہم اِس کے باوجود اس کا مکمل خاتمہ تا حال ممکن نہیں ہو سکا۔ ایبٹ آباد میں ایوب میڈیکل کالج کی ایک تحقیق کے مطابق پولیو ویکسین کے بارے میں عوام میں پائی جانے والی غلط فہمیاں، ملک کے اندر عدم تحفظ اور صحت کا ناقص نظام پولیو کے خاتمے کی مہم اور بیماری کے خاتمے میں ناکامی کی بڑی وجوہات ہیں۔ ایک اور تحقیق میں پاکستان میں رائج بعض مذہبی عقائد، پاکستان، افغانستان سرحد کے درمیان غیر منظم نقل و حرکت اور پولیو ویکسین کے بارے میں معلومات کی کمی کو بھی اس کا سبب قرار دیا جا سکتا ہے۔ پاکستان میں بعض عسکریت پسند تنظیمیں بھی پولیو ورکرز کی ٹیموں پر حملے کرتی رہی ہیں جن میں 2012 سے اب تک 70 سے زائد ہیلتھ ورکرز (بشمول خواتین) اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے متعدد اہلکار جاں بحق ہو چکے ہیں۔ گزشتہ سال پولیو کا کوئی کیس سامنے نہ آنے کے بعد اقوام متحدہ کے بچوں کا فنڈ (یونیسیف) پر امید تھا کہ پاکستان میں پولیو پروگرام دوبارہ مکمل طور پر فعال ہو چکا ہے اور آئندہ سال تک ملک سے مستقل معذوری کا سبب بننے والی اِس بیماری کا خاتمہ ممکن ہو پائے گا۔ یونیسیف کے ریجنل ڈائریکٹر برائے جنوبی ایشیا نے سرکاری خبر رساں ایجنسی کو انٹرویو میں کہا تھا کہ پولیو کا خاتمہ جلد ممکن ہو سکتا ہے تاہم کچھ ایسے چیلنج ہیں جو اس کے مکمل خاتمے کی کوششوں میں رکاوٹ ہیں، حالیہ تباہ کن سیلاب سے بھی متاثرہ اضلاع میں اہم مراکز صحت تباہ ہو گئے ہیں اور تاریخی طور پر یہ وائرس سب سے زیادہ اِنہی اضلاع میں پایا جاتا ہے جس کی وجہ سے انسداد پولیو میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ انسانی جسم میں یہ وائرس آنتوں کو اپنا مسکن بنا کر بڑھتا ہے جہاں سے یہ اعصابی نظام پر حملہ کر کے اعضا کو متاثر کر سکتا ہے، اِس کا کوئی علاج نہیں ہے اور اِسے صرف حفاظتی ویکسین ہی سے روکا جا سکتا ہے۔ افغانستان کے حالات کی وجہ سے وہاں اس کی موجودگی تو ممکن ہو سکتی ہے تاہم پاکستان میں اس کی کوئی حجت شاید قابل قبول نہ ہو۔ گزشتہ لگ بھگ دو دہائیوں سے اشتہارات کے ساتھ ساتھ علمائے کرام اور معززین کے ذریعے آگاہی پیدا کی جا رہی ہے، اپیلیں کی جا رہی ہیں کہ اپنے بچوں کو پولیو سے بچا کے ٹیکے لگوائیں، انہیں اِس کے قطرے پلوائیں لیکن کوئی نہ کوئی کیس سامنے آ جاتا ہے۔ پاکستان اور اس کے مستقبل کو اِس مرض سے محفوظ بنانے کے لیے ضروری ہے کہ والدین اپنے بچوں کے محفوظ مستقبل کے لیے محکمہ صحت کی ہدایات پر من و عن عمل کریں۔

عوامی و ریاستی طاقت آمنے سامنے کیوں؟

ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لئے اب تک بہت کچھ ہو چکا ہے اب مفاہمت کا راستہ اختیار کر کے بھی دیکھ لیں شاید حالات بہتر ہو جائیں اور ملک آگے بڑھنے لگے، اِس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ آپ اپنے سیاسی مخالفین کے گھر پر چڑھ دوڑیں، اسے سرکاری مشینری سے توڑ پھوڑ دیں اور پھر یہ توقع کریں کہ سامنے والا ہتھیار ڈال کے آپ کی ہر فرمائش پوری کر دے گا، ایسا تو عام لڑائیوں

نسیم شاہد

میں نہیں ہوتا یہ تو سیاسی لڑائی ہے اِس میں ایسے اقدامات کا ہمیشہ منفی نتیجہ ہی نکلتا ہے۔ پولیس کے اس موقف کو زیادہ پذیرائی نہیں ملی کہ وہ سرچ وارنٹ لے کر عمران خان کے گھر زمان پارک گئی تھی۔ سرچ وارنٹ کیلئے ساتھ کرینیں، بلڈوزر اور سینکڑوں سپاہی نہیں لیجائے جاتے، گھر کے مکینوں کو سرچ وارنٹ دکھائے جاتے ہیں اور اس کے بعد گھر کی تلاشی لی جاتی ہے یہ تو خود پولیس نے تسلیم کیا ہے کہ ہم نے زمان پارک میں آپریشن کیا ہے۔ آپریشن وہاں ضرور کرتے جہاں سڑکوں پر کیمپ لگائے گئے تھے یا راستے بند تھے، عمران خان کے گھر کی دیواریں گرانے اور گیٹ توڑنے تیز اندر داخل ہو کر ہر چیز کو تہہ و بالا کرنے کی کس قانون کے تحت کارروائی کی گئی۔ اس میں تو واضح طور پر انتقام کی بو نظر آ رہی تھی، پھر کسی میڈیا والے کے سامنے گھر سے کچھ برآمد نہیں ہوا، ایسی ویڈیو فوٹیج بھی سامنے آ چکی ہیں کہ جن میں پولیس والوں کو دوبارہ بھرے تھیلوں کے ساتھ زمان پارک میں واپس آتے دیکھا گیا ہے، پھر برآمدگی کا قانونی اصول یہ ہے کہ جو کچھ سرچ آپریشن کے دوران برآمد ہوا ہے اسے گھر کے مکینوں کو دکھا کر ان سے برآمدگی شیٹ پر دستخط لیے جاتے ہیں، ایسی کوئی کارروائی پولیس نے نہیں کی اور زمان پارک سے کلاشنکوفیں بھی برآمد کر لیں، ان کی قانون کی نظر میں کیا اہمیت ہے اس کا فیصلہ تو اس وقت ہوگا جب پولیس انہیں کسی مقدمہ کے ساتھ عدالت میں پیش کرے گی، ایسی کارروائیاں تاریخ کا حصہ بن جاتی ہیں اور سیاسی تلخیوں میں اضافہ کرتی ہیں، اس سے کسی کو کچھ حاصل نہیں ہوتا کیونکہ عوام خاص طور پر اس دور کے عوام کہ جب صرف الیکٹرانک میڈیا ہی نہیں بلکہ ہزاروں افراد کے ہاتھوں میں موجود موبائل فون بھی ہر چیز کو محفوظ کر رہے ہوتے ہیں، اپنے مطلب کا بیانیہ بنانا آسان نہیں ہوتا۔

اِس بات کو تسلیم کر لینا چاہیے کہ معاملہ سیاسی ہے اور سیاسی انداز ہی سے حل ہوگا، طاقت کے زور پر اسے حل نہیں کیا جا سکتا یہ ممکن نہیں کہ آپ آپریشن کر کے ہر چیز اکھاڑ پچھاڑ کے رکھ دیں اور پھر اس جگہ کوئی نہ آئے۔ سب نے دیکھا کہ جب پولیس آپریشن کے بعد زمان پارک سے گئی تو شام گئے ہزاروں افراد دوبارہ وہاں آ گئے اور ساری رات موجود رہے بلکہ ان میں پہلے سے زیادہ جوش و جذبہ موجود تھا۔ عمران خان پر جتنے مقدمے بنائے جا رہے ہیں بڑا دل کر کے تسلیم کر لینا چاہئے کہ ان کی نوعیت سیاسی ہے، ایسے مقدمات سے کسی سیاسی رہنما کی مقبولیت کم ہوتی ہے اور نہ ہی اسے جھکنے پر مجبور کیا جا سکتا ہے، کسی عام سیاسی رہنما کی بات علیحدہ ہے لیکن ایک بڑی سیاسی جماعت کا سربراہ اور مقبول ترین لیڈر ان چیزوں سے اگر خوفزدہ ہو جائے تو اس کی سیاست ختم ہو کر رہ جائے گی۔ ہمارے ملک میں بدقسمتی سے یہ چلن رہا ہے کہ سیاسی رہنماں کو راستے سے ہٹانے یا انہیں تابع فرمان بنانے کے لئے سرکاری مقدمات کا سہارا لیا جاتا ہے، خود عمران خان کے دور حکومت میں یہی ہوتا رہا اور مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے رہنما ان کا ہدف رہے، اس زمانے میں بھی سنجیدہ حلقے اس رجحان کو ملک کی سیاست کیلئے نقصان دہ قرار دیتے تھے۔ اب یہ عقدہ کھل رہا ہے کہ ایسے مقدمات کے پیچھے کہیں نہ کہیں اسٹیبلشمنٹ کا بھی ہاتھ ہوتا تھا۔

ان مقدمات سے کسی کی سیاست ختم ہوئی ہے نہ ہی اسے بزور طاقت سیاسی منظر سے ہٹایا جا سکتا ہے۔ اس کی مثال حالیہ حکومتی سیٹ اپ ہے، جس میں وہ تمام شخصیات شامل ہیں جن پر مقدمات بنائے گئے، اسی وجہ سے ہمارے نظام انصاف اور سیاست کا مذاق اڑتا ہے کہ اس میں کل کے مجرم مدعی ٹھہرتے ہیں اور آج کے مدعی کل کے مجرم بن جاتے ہیں۔ یہ کھیل ہمیشہ سے جاری ہے اور عوام یہ تماشا ہر دور میں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں اس کھیل کو کون سپانسر کرتا ہے اور کس کے ایما پر ہوتا ہے اس کا عقدہ ابھی تک حل نہیں ہو سکا، دونوں طرف منظر پر سیاست دان ہی ہوتے ہیں اور ساری ذمہ داری بھی ان پر عائد کر دی جاتی ہے۔ سیاست دانوں کو ابھی تک شعور آیا ہے اور نہ ہی اس کھیل کے پس پردہ کرداروں نے کوئی ہوش کے ناخن لئے ہیں۔ ماضی کے سارے منظر نامے کو بھول کر آپ حالیہ نظر بندی پر نظر ڈالیں، اِس وقت حزبِ اقتدار اور حزبِ اختلاف کی تقسیم اتنی واضح ہے کہ کوئی ابہام موجود نہیں۔ ایک طرف تمام سیاسی جماعتیں اقتدار میں ہیں اور دوسری طرف تحریک انصاف اپوزیشن میں ہے اس وقت منظر یہ ہے کہ دونوں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے بلکہ زمین پر گرانے کے لئے تلی ہوئی ہیں۔ حکومت کے پاس ریاستی طاقت ہے وہ اس کا استعمال کر رہی ہے اور تحریک انصاف کے پاس عوامی طاقت ہے وہ اسے بروئے کار لا رہی ہے۔ وجہ تنازعہ کچھ اور نہیں بلکہ ایک آئینی معاملہ ہے، یعنی انتخابات، زیادہ سے زیادہ بھی حکومت کو مدت مل جائے تو وہ پانچ چھ ماہ سے زیادہ نہیں جبکہ دو صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات 90 دنوں میں کرانے کا حکم پہلے ہی آ چکا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ دونوں طرف سے اس امر کا اظہار بھی کیا جاتا ہے کہ ہم بات چیت کے لئے تیار ہیں مگر نجانے وہ کون سی طاقت ہے جو اِن دونوں کو بات چیت کی میز تک آنے نہیں دے رہی۔ دو روز پہلے تو ایک طرف وزیراعظم شہباز شریف نے یہ بیان دیا کہ افہام و تفہیم سے معاملات حل کرنے کو تیار ہیں۔ اور دوسری طرف عمران خان نے بھی اسی قسم کے خیالات کا اظہار کیا۔ سوال یہ ہے کہ اس معاملے کو صرف بیانات کی حد تک کیوں رکھا جا رہا ہے، آگے بڑھ کر عملی شکل دینے کی کیوں کوشش نہیں کی جا رہی۔

ہمارے پیارے شہید تم دل میں تو زندہ ہو۔

ہم نہیں بھولے تم کو
ہم نہیں بھلائیں گے تم کو

6 نومبر 2017 کی صبح ایک بہت الگ سی صبح واقع ہوئی تھی۔ نومبر کے مہینے میں عموماً دھند نہیں ہوتی لیکن اس صبح جب ہم کالج کے لیے نکلے تو ہر طرف فوگ تھی یا سموگ اندازہ لگانا مشکل تھا لیکن ہر سو ایک عجیب سی کہر کا راج تھا جس کی وجہ سے حدِ نگاہ محدود ہو کر رہ گئی تھی۔ ہمیں ہمیشہ سے دھند والا موسم بہت دلچسپ لگا کرتا ہے پتہ نہیں کیوں لیکن اس دن دل کے نہاں خانے میں اک عجب سی اداسی تھی۔ ہم (دونوں بہنیں) کالج پہنچے تو کالج گراؤنڈ ' کوریڈورز میں غرض ہر طرف وہی سفیدی اتری ہوئی تھی۔

ہم اپنی پہلی کلاس لینے کی غرض سے کمرہ نمبر 41 کی طرف رواں ہو گئے لیکن راستے میں ہی میری ہم جماعت کچھ سہیلیوں نے بتایا کہ آج میم چھٹی پر ہیں اور یہ سنتے ہی ہم تو بہت خوش ہو گئے کہ چلو سستی پہلے ہی ہو رہی اب ذرا چالیس منٹ تو آرام سے گزریں گے۔ ہم نے اپنی سہیلیوں کو پکڑا اور کالج گراؤنڈ کی طرف چل دیے باتوں ہی باتوں میں میری ایک ہم جماعت نے مجھ سے سوال کیا کہ "تم نے بائیو سائنس پڑھی میٹرک میں مارکس بھی اچھے آئے پھر تم نے ایف ایس سی میں ایڈمیشن کیوں نہیں لیا ایف اے کیوں؟" "میں نے اس سے کہا کہ "میرے بھائی نے مجھ سے کہا ہے کیونکہ اس کو پتہ ہے کہ پٹھان فیملی سے تعلق رکھنے کی وجہ سے کوئی مجھے کل کو ڈاکٹر بننے کے بعد بھی پریکٹس نہیں کرنے دے گا تو اتنا سر کھپانے کا فائدہ بس سمپل پڑھو تا کہ کل اپنا اچھا برا سمجھ سکو بس۔" سہیلی نے جواباً کہا: "ہاں پٹھان تو ہوتے بہت سخت صحیح مشورہ دیا تمھارے بھائی نے "میں نے بھی ہنستے ہوئے کہا" تبھی تو ان کی بات مان لی ہے "ایسے ہی باتوں باتوں میں ہمارے دوسری کلاس کا ٹائم ہو گیا۔ ہماری دوسری کلاس سوکس کی تھی ہم کلاس میں گئے تو پتہ چلا آج تو ٹیسٹ ہے اور چونکہ ہم سیلف رائٹنگ میں تھوڑے اچھے تھے اس لیے سوچا خود ہی سے کچھ لکھ لیں گے۔ ہماری میم نے ہمیں دو قومی نظریہ کی اہمیت لکھنے کو دی باقی سب تو ہم نے اچھا لکھ لیا لیکن جواب کے اختتام پر یہ شعر ہمارے قلم سے خود بخود آزاد ہوا اور سفید صفحے پر اپنا نقش چھوڑ گیا؛

"شہیدوں کے لہو سے جو زمیں سیراب ہوتی ہے
بڑی زرخیز ہوتی ہے بڑی شاداب ہوتی ہے"

ہمیں کیا معلوم تھا کہ یہ اتفاق نہیں ہے بلکہ یہ وہ القا ہے جو ہمارے رب ہمیں کسی انہونی سے پہلے کر دیتے ہیں۔

خیر دن گزر رہا تھا ہم اپنی کلاسز سے فارغ ہوئے تو بریک ٹائم میں بارہ بجے کے قریب اپنے پسندیدہ کمرہ نمبر 47 میں جا کر بیٹھ گئے ہم نے کل رات سے کچھ نہ کھایا تھا دل بہت اداس تھا اور گزشتہ رات سے ہی اپنے چھوٹے بھائی کی بہت یاد آ رہی تھی جو کہ بھائیوں میں سب سے چھوٹے پر ہم آخری تین بہنوں سے بڑے تھے اور کے۔پی۔کے پولیس میں بھرتی ہوئے انہیں

عفرا خان

ابھی دو سال اور چند ماہ ہی ہوئے تھے رات اداسی کی وجہ سے دل عجیب بھرایا ہوا تھا تو کچھ کھایا نہ گیا لیکن اب زوروں کی بھوک لگ رہی تھی لیکن میرے پاس میری ایک ہم جماعت اپنی سہیلی کو لے آئی کہ اس کو مہندی لگا دو تو میں نے اپنی سہیلی سے کہا جا میرے لیے کچھ کھانے کو تم ہی لے آ میں اس کو مہندی لگاتی ہوں میری سہیلی میرے لیے سموسہ لے آئی میں نے سموسے کو ابھی کھانا شروع کیا ہی تھا کہ ہمارے کالج کی ایک پراکٹر آئی اور پوچھنے لگی "یہاں پر کوئی افرا شبیر ہے؟ "میں نے ہنس کر کہا "افرا شبیر تو نہیں پر افرا خان ہے لیکن ہاں مجھے افرا شبیر بھی کہہ سکتے کیونکہ میرے پاپا کا نام شیر محمد ہے۔" یہ سنتے ہی وہ کہنے لگی "آپ ہی ہو گی آپ ایک مرتبہ آ کر چیک کر لیں آپ کو گھر سے لینے آئے ہیں۔ "ہم نے انکار کیا پر سہیلیوں نے کہا" جا کر دیکھ لو کیا جاتا ہے سو ہم ان کے ساتھ چل پڑے پر دعا کر رہے تھے کہ ہمیں نہ بلایا گیا ہو کیونکہ ایسی ایمرجنسی میں لوگوں کو تبھی لے جایا جاتا جب کوئی بری خبر ہو۔

خیر ہم پہنچے میم کے پاس تو کچھ سوال و جواب کے بعد انہوں نے کہا آپ ہی ہیں آپ کو بھائی لینے آئے ہیں آپ گیٹ پر جا کر کنفرم کروا لیں کہ آپ کے ہی بھائی ہیں یہ سنتے ہی ہمیں گھٹن سی محسوس ہونے لگی۔ میں نے جا کر دیکھا تو میرے دوسرے نمبر والے بھائی گیٹ پر کھڑے تھے ہمارے تصدیق کرنے کے بعد میم نے ان کو اندر بلوایا تو اس کی سرخ آنکھیں دیکھ کر ہمارے خدشات کی تصدیق ہونے لگی لیکن ہم نے خود کو دلاسہ دیا کہ شاید نانا ابو کو کینسر تھا ان کو اللہ جی نے اپنے پاس بلا لیا ہو پر دماغ کہتا پہلے تو کبھی ایسی سچویشن میں تمہیں لینے نہ آئے بلکہ امی ابو خود چلے جاتے آج ہی کیوں؟ پر میں نے دماغ کی تاویلوں کو جھٹلا دیا اور اپنی بڑی بہن کو ڈھونڈنے کے بعد ہم گھر کے لیے نکلے۔

پتہ نہیں سارے رستے کیا کیا خیالات آتے رہے آخر کار گھر پہنچے تو ایک قیامت صغرا کا منظر تھا۔ میری امی سامنے بیٹھی رو رہی تھیں ایسا لگ رہا تھا جیسے امی خالی ہاتھ رہ گئی ہوں اور اپنے لٹ جانے پر کوئی آہ و فغاں کر رہا ہو بہنیں بھی امی کے گلے لگی اپنے ہو جانے والے نقصان پر ماتم کر رہی تھیں یہ سب دیکھ کر ہمارے ہاتھ پیر بے جان ہونے لگے کہ امی کی آواز آئی "آ تمہارے بھائی کا سینہ چھلنی کر گئے ظالم، مار گئے تمہارے بھائی کو، شہید ہو گیا محمد نواز) میرے چھوٹے بھائی کو نام محمد نواز ہے جو کے۔پی۔کے پولیس میں تھا "(امی کی یہ آواز تھی کہ ہمارے سروں پر جیسے بم پھٹا ہو سینے میں درد اٹھا اور ایسا لگا اب سانس نہیں آئے گا مگر سانس بھی بحال ہوئی اور وہ سفر بھی شروع ہوا جس کو کرنے کا کبھی سوچا تک نہ تھا۔

ہمارے بھائی کی حالت ایسی نہ تھی کہ ان کو لاہور لایا جاتا اس لیے ہمیں مردان جانا پڑ رہا تھا۔ جہاں ہم نے کبھی انکی بارات لے کر جانی تھی وہاں ہم ان کی میت پر جا رہے تھے۔ ہم تو انکی منگنی کے بعد انکی شادی کے خواب دیکھ رہے تھے ساری بہنیں محمد نواز کی شادی پر ایسے کریں گیں، ان کی شادی کی پلاننگ کرتی تھیں ہمیں کیا خبر تھی کہ ہمارے پیارے اللہ کو ہم سے زیادہ اس سے محبت ہے اور تیئس سال کی عمر میں ہی اسکو اپنے پاس بلا لے گا اور پھر وہاں جنت میں حوروں کا دولھا بننے کیلئے روانہ ہو چکا ہے۔

سارے راستے میرے کانوں میں ان کی وہ آواز گونجتی رہی "چیکا فیں")" ہم چھ بہنیں اور تین بھائی ہیں، محمد نواز ہم آخری تین بہنوں سے بڑے تھے صرف میں اور وہ بہن بھائیوں میں سب سے آخری نمبر پر تھے اس لیے وہ مجھے بہت تنگ کرتے تھے شروع شروع میں بہت چڑتی تھی میں ان کے چیکا فیں کہنے سے پر جیسے جیسے سمجھ آتی گئی میں نے چڑنا چھوڑ دیا اور اب وہ بھی تمیز کے دائرے میں آتے ہوئے صرف فیں کہہ کر بلاتے تھے (لیکن جس آواز سے میں چڑتی تھی وہی آواز آج بھی بہت یاد آتی ہے تصور میں وہ آواز آج بھی زندہ ہے وہ آواز کانوں میں گونج سی جاتی ہے جب بھی بھائی کی یاد آتی ہے۔

جب شہید ہونے سے پہلے وہ آئے تھے آخری مرتبہ لاہور تو ہمیں بتا رہے تھے کیسے ملزموں کو پکڑتے کیسے ان سے منشیات برآمد ہوتیں آپی نے کہا "محمد نواز سیفٹی جیکٹ پہن کر رکھا کرو، کیونکہ جو رشوت نہیں لیتا اور جو ملزموں کو چھوٹ نہیں دیتا ان کے دشمن بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ "تو انہوں نے جواباً کہا ؛"اگر موت آنی ہوناں تو سیفٹی جیکٹ میں بھی آ جاتی ہے، اور رشوت تو میں نہ لیتا ہوں نہ لوں گا۔" ابھی گئے ہی تھے کہ دس دن بعد ٹھیک گیارہ دن کی صبح وہ ہم سب کی زندگیوں میں اپنی یادوں اور باتوں کی چھاپ چھوڑ کر شہادت کو سینے سے لگا گئے۔

پتہ نہیں ان لوگوں کو کیا ملا ہو گا ان کو شہید کر کے، ایک باپ سے ان کا بازو کاٹ کر، اک ماں سے ان کے جگر کا ٹکڑا چھین کر، بھائیوں سے ان کا دوست اور بہنوں سے ان کا راز داں، محافظ اور سہارا چھین کر آخر کیا ملا ہو گا ان کو؟

ابھی بھی کبھی بیٹھیں بہن بھائیوں کے سنگ تو ان کی یاد بہت ستاتی ہے کہ اس سے پہلے تو سب سے زیادہ بھائیوں میں سے وہی بیٹھتے تھے بہنوں کے بیچ، وہ ہمارے لیے ایسے تھے جیسے ہماری ساتویں بہن ہو ہماری ہر بات سنتی اور اپنی باتیں بتاتی ان کو بہنوں کے ساتھ بیٹھنا شاید اچھا لگتا تھا یا شائد انہیں اندازہ تھا کہ بہت کم عمر لے کر آئے ہیں۔

ہر وقت باتیں سننے کو ملتی تھیں ان کو کہ کچھ کرتے تو نہیں جب کچھ کیا بھی تو اس سفاک دنیا کے ظالم لوگوں نے کرنے ہی نہ دیا کیونکہ وہ دنیا کی نہیں آخرت کی تیاری کر رہے تھے رشوت خوری سے بچ رہے تھے اور پھر ایسے لوگوں کو تو جینے کا حق ہی نہیں یہاں جو صحیح راہ پر چلے۔

ان کے جانے کے بعد جو بھی سرکاری پروٹوکول یا وظیفہ ایک شہید کے خاندان کو ملتا ہمارے ابو کو بھی ملا ان کے جگر کا ٹکڑا ان پیسوں سے واپس تو نہ آیا جو گورنمنٹ نے دیئے ہمارے بھائی کی کمی تو نہ پوری ہوئی ہم تو آج بھی اس کو یاد کرتے ہیں تو سینے میں درد کی لہر سی دوڑ جاتی ہے آج بھی ان کی آواز اس کی باتیں اس کی حرکتیں دماغ کے پردے پر ابھرتی اور معدوم ہوتی ہیں آج بھی اک ماں ہر نماز کے بعد اپنے لختِ جگر کو یاد کر کے خون کے آنسوں روتی ہے آج بھی یہ بہنیں اپنے بھائی کے سہارے کے لیے تڑپتی ہیں پر دنیا والوں کو یہ سب نظر نہیں آتا، ان کو نظر آتا ہے تو "پیسہ" کچھ دن پہلے کسی کے منہ سے سننے کو ملا "ان لوگوں نے تو بھائی کے خون پر عیش کیا ہے" دل کرتا ہے ایسے لوگوں سے

کہوں کہ "جس خون پر ہم نے عیش کیا ہے تم لوگ بھی کرو پھر ہم پوچھیں کہ عیش کرنے کا مزہ آ رہا ہے کیا "لیکن اتنا سخت دل کہاں سے لائیں؟ دل کی باتیں دل میں ہی دفن کر کے ایسے لوگوں کو بس نظر انداز ہی کر سکتے۔

ہم ہنستے ہیں اپنے ماں باپ کو خوش دیکھنے کے لیے لیکن دنیا والوں کو تو ہماری ہنسی بھی کھٹکتی ہے لیکن جب رات کے اندھیروں میں کمرے کی تنہائی میں ہماری آنکھیں اشک بار ہوتی ہیں اس سے تو وہ انجان ہوتے ورنہ ہماری نم آنکھوں کو دیکھ کر شاید ان دنیا والوں کو راحت ملتی لیکن ہمیں دنیا کی پرواہ نہیں اپنے والدین کی پرواہ ہے جن کی دنیا ہم سے ہے اور ہماری دنیا و آخرت ہمارے والدین سے ہے۔

ہمارے بھائی کی تو قسمت میں شہادت تھی اس نے بے شک ایک بہت اعلی مقام اور اس دنیا سے کئی درجے بہتر جگہ پا لی ہو گی ان شا اللہ! لیکن جن لوگوں نے ہم سے ہمارے بھائی کو جدا کیا اللہ ان کو ہدایت عطا کرے اور اگر ہدایت ان کے نصیب میں نہیں تو ان کو دنیا و آخرت میں ذلیل و خوار کرے یہ ایک بہن کے دل کی آہ ہے۔

آپ یاد آتے ہو بہت یاد آتے ہو ہمارے بھائی پیارے بھائی اللہ پاک آپ کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائیں اور یہ دنیا آپ کے قابل نہیں تھی اللہ پاک آپ کو اس دنیا سے بہت، بہتر جگہ عطا فرمائیں آمین ثم آمین یارب العالمین!

شوبز

SHOWBIZ

بدقسمتی سے ہم لوگ دوہرے معیار میں مبتلا ہو چکے ہیں؛ میرا

ہمارے ظاہر اور باطن میں زمین اور آسمان کا فرق ہے، اداکارہ



لاہور (شوبز نیوز) نامور اداکارہ میرا نے کہا ہے کہ شوبز میں منافقت کی کوئی حد نہیں اور بعض لوگ تو ایوارڈ کے حقدار ہیں، لوگ منہ پر آپ کی تعریفوں کے پل باندھ دیتے ہیں اور بعد میں ایسی ایسی ناقابل بیان اور فضول باتیں پھیلائی جاتی ہیں جس کا تذکرہ لفظوں میں ممکن نہیں۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ بدقسمتی سے ہم لوگ دوہرے معیار میں مبتلا ہو چکے ہیں ہمارے ظاہر اور باطن میں زمین اور آسمان کا فرق ہے۔ مجھے جس کا کام اچھا لگتا ہے میں سامنے بھی تعریف کرتی ہوں اور بعد میں بھی اچھے الفاظ میں تعریف کرنے سے گریز نہیں کرتی۔

گوری نے ہر برے وقت میں میرا ساتھ دیا: شاہ رخ خان

سوشل میڈیا پر سلمان خان کے ایک پرانے پروگرام دس کا دم کی ویڈیو وائرل ہو رہی ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے سپر اسٹار شاہ رخ خان کا کہنا ہے کہ ان کی اہلیہ گوری خان نے ہمیشہ ہر برے وقت میں ان کا بھرپور ساتھ دیا۔ سوشل میڈیا پر سلمان خان کے ایک پرانے پروگرام دس کا دم کی ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں شاہ رخ خان اور رانی مکھرجی بطور خصوصی مہمان شریک ہیں۔ اس ویڈیو میں شاہ رخ خان اپنی اہلیہ گوری خان سے اظہارِ محبت کرتے ہوئے انکشاف کر رہے ہیں کہ انہوں زندگی میں بہت سی غلطیاں اور بہت سی بدتمیزیاں کیں مگر ان کی اہلیہ گوری خان نے ہمیشہ ان کا ساتھ دیا۔ یاد رہے کہ شاہ رخ خان اور گوری خان 3 دہائی قبل 1991 میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے تھے، گوری خان ایک انٹیریئر ڈیزائنر اور بزنس ویمن ہیں۔

کس فلم نے رانی مکھرجی کی زندگی تبدیل کی۔۔؟

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ رانی مکھرجی نے فلم 'کچھ کچھ ہوتا ہے' سے اپنے فلمی کیریئر کے آغاز کے بعد کئی مشہور فلموں میں کام کیا۔ رانی مکھرجی نے حال ہی میں اپنے ایک انٹرویو میں اپنے فلمی کیریئر کے دوران آنے والے چیلنجز کے بارے میں بات کی۔ اُنہوں نے انکشاف کیا کہ مجھے لگتا ہے کہ میری زندگی میں ایک بڑی تبدیلی شاید اس وقت آئی جب میں نے کرن جوہر کی فلم 'کبھی الوداع نہ کہنا' میں کام کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ مجھے صحیح سے یاد نہیں ہے لیکن اس وقت میری عمر تقریباً 27 یا 28 سال تھی اور یہ وہ وقت تھا جب میں نے خود میں ایک بڑی تبدیلی محسوس کی اور خود مختار بننا چاہا۔

حسد اور منافقت نے شوبز انڈسٹری کا زیادہ بیڑہ غرق کیا ہے؛ جگن کاظم

منافق لوگوں سے سخت چڑ ہے ایسے لوگ کبھی کسی کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے' انٹرویو میں گفتگو

لاہور (شوبز نیوز) نامور اداکارہ جگن کاظم نے کہا ہے کہ حسد اور منافقت نے شوبز انڈسٹری کا زیادہ بیڑہ غرق کیا ہے، حسد اور منافقت ہر دور میں تھی لیکن اب یہ اپنی انتہا کو پہنچ چکی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ یہاں لوگ سامنے بیٹھ کر ایک دوسرے کی تعریفیں کر رہے ہوتے ہیں اور پیٹھ پیچھے برائیاں شروع کر دی جاتی ہیں، مجھے ایسے لوگوں سے سخت چڑ ہے اور یہ لوگ کبھی کسی کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی اچھا ہے تو اسے اچھا کہیں اور اگر کسی میں کوئی برائی ہے تو اسے اس کے منہ بتانا چاہیے۔ میری رائے کے مطابق شوبز انڈسٹری کے حالات منافق لوگوں کی وجہ سے زیادہ خراب ہوئے ہیں۔

لاہور قلندر زوال پذیر فلم انڈسٹری میں ہوا کا تازہ جھونکا ثابت ہوگی؛ شاہد رانا

لاہور (شوبز نیوز) میری آنے والی نئی پنجابی فلم ''لاہور قلندر'' عید الفطر کے پرمسرت موقع پر ملک بھر کے سینماؤں کی زینت بن رہی ہے اس فلم کی کاسٹ نے بہترین پرفارمنس دکھائی ہے شائقین فلم کو ''لاہور قلندر'' پسند آئے گی انشاءاللہ ''لاہور قلندر'' زوال پذیر فلم انڈسٹری میں ہوا کا ایک تازہ جھونکا ثابت ہوگی فلم کی کہانی روایتی فلموں سے ہٹ کر ہے شائقین فلم اس کہانی کو مدتوں یاد رکھیں گی ان خیالات کا اظہار پاکستان فلم انڈسٹری کے معروف فلم ڈائریکٹر شاہد رانا نے یو این پی سے ایک انٹرویو کے دوران کیا ''لاہور قلندر'' کے پروڈیوسر التمش بٹ المعروف بنٹو بٹ پیچوراما سنٹر والے اور ماجد بٹ ہیں فلم کے مصنف ناصر ادیب ڈریس ماسٹر جمیل پگ میکر جبکہ ڈی او پی اقبال نمی ہیں فلم کی نمایاں کاسٹ۔

مشکل وقت میں رشتے داروں اور دوستوں نے ان کا ساتھ چھوڑ دیا تھا؛ حناء دلپزیر

کراچی (شوبز نیوز) اداکارہ حناء دلپزیر کا کہنا ہے کہ ان کے مشکل وقت میں ان کے رشتے داروں اور دوستوں نے ان کا ساتھ چھوڑ دیا تھا۔ انہوں نے اپنے ایک انٹرویو میں اپنی زندگی کے مختلف ادوار سے پردہ ہٹاتے ہوئے کہا کہ انہوں نے 1992ء میں محبت کی شادی کی تھی، تب وہ 23 سال کی تھیں لیکن ان کی شوہر سے جلد علیحدگی ہو گئی اور اس وقت ان کا بیٹا مصطفیٰ صرف تین سال کا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اس کے بعد ان کا کٹھن دور تھا جس دوران ان کے رشتے داروں اور دوستوں نے ان کا ساتھ چھوڑ دیا۔

انسان کی سو خوبیوں پر ایک برائی بھاری پڑ جاتی ہے؛ اداکارہ پریتی زنٹا

آپ کتنی ہی اچھی چیزیں کر لیں لیکن آپ کی ایک غلطی پر آپ کو بے جا تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ پریتی زنٹا نے کہا ہے کہ انسان کی سو خوبیوں پر ایک برائی بھاری پڑ جاتی ہے' آپ کتنی ہی اچھی چیزیں کر لیں لیکن آپ کی ایک غلطی پر آپ کو بے جا تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ میڈیا کے مطابق تنازعات سے دور رہنے والی اداکارہ پریتی زنٹا حال ہی میں می ٹو مہم کے حوالے سے دیئے گئے اپنے ایک بیان کی وجہ سے تنازعے کی زد میں آ گئیں۔ چند روز قبل ایک انٹرویو کے دوران جب پریتی زنٹا سے ان کی می ٹو کہانی کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے کہا تھا کہ کاش میرے ساتھ بھی ایسا ہوتا تو میں اپنی کہانی شیئر کرتی لیکن میں کسی کے برے رویے کا شکار نہیں ہوئی۔ اداکارہ کے اس بیان نے میڈیا پر طوفان کھڑا کر دیا اور سوشل میڈیا پر انہیں شدید تنقید کا نشانہ بنایا گیا جس کے بعد پریتی نے ایک اور انٹرویو کے دوران کہا اداکاروں کو نشانہ بنانا آسان ہوتا ہے۔

SPORTS

سپورٹس

پاکستان اور نیوزی لینڈ سیریز کا شیڈول جاری کر دیا گیا

پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 3 ون ڈے میچز کراچی میں ہوں گے

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے نیوزی لینڈ سیریز کے لیے شیڈول کا اعلان کر دیا۔ پی سی بی کی جانب سے جاری شیڈول کے مطابق سیریز کا آغاز لاہور سے ہوگا جہاں 14، 15 اور 17 اپریل کو ٹی 20 میچز کھیلے جائیں گے۔ راولپنڈی اسٹیڈیم چوتھے اور پانچویں ٹی 20 میچز کی میزبانی کرے گا جو 20 اپریل اور 24 اپریل کو ہوں گے۔ سیریز کا پہلا ون ڈے 26 اپریل کو راولپنڈی میں ہوگا جس کے بعد دونوں ٹیمیں کراچی پہنچیں گے جہاں 30 اپریل، 3 مئی، 5 اور 7 مئی کو ون ڈے میچز ہوں گے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے نیوزی لینڈ سیریز کے لیے شیڈول کا اعلان کر دیا۔ پی سی بی کی جانب سے جاری شیڈول کے مطابق سیریز کا آغاز لاہور سے ہوگا جہاں 14، 15 اور 17 اپریل کو ٹی 20 میچز کھیلے جائیں گے۔ راولپنڈی اسٹیڈیم چوتھے اور پانچویں ٹی 20 میچز کی میزبانی کرے گا جو 20 اپریل اور 24 اپریل کو ہوں گے۔ سیریز کا پہلا ون ڈے 26 اپریل کو راولپنڈی میں ہوگا جس کے بعد دونوں ٹیمیں کراچی پہنچیں گے جہاں 30 اپریل، 3 مئی، 5 اور 7 مئی کو ون ڈے میچز ہوں گے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے نیوزی لینڈ سیریز کے لیے شیڈول کا اعلان کر دیا۔ پی سی بی کی جانب سے جاری شیڈول کے مطابق سیریز کا آغاز لاہور سے ہوگا جہاں 14، 15 اور 17 اپریل کو ٹی 20 میچز کھیلے جائیں گے۔

امپائرز سے تلخ کلامی، ملتان سلطانز کے منیجر پر پابندی

پی ایس ایل فائنل میں وائیڈز کے حوالے سے احتجاج کیا، اس دوران بات بگڑ گئی

کراچی (سپورٹس نیوز) امپائرز سے تلخ کلامی پر ملتان سلطانز کے منیجر پابندی کی زد میں آ گئے۔ لاہور قلندرز نے پی ایس ایل 8 کے فائنل میں ملتان سلطانز کو ایک رن سے شکست دی، ٹرافی اتنی قریب آ کر گنوانے پر سلطانز کے پلیئرز و آفیشلز سخت مایوس نظر آئے بعض وائیڈ بالز کے حوالے سے ریزرو امپائر آصف یعقوب سے احتجاج بھی کیا گیا، پھر جب فیلڈ امپائرز واپس آئے تو ٹیم منیجر وسی اواو حیدر اظہر نے راشد ریاض کو مخاطب کرتے ہوئے شکایت کی، انھوں نے جواب دیا کہ وہ ابھی اس حوالے سے کوئی بات نہیں کر سکتے۔ ایسے میں انگلینڈ کے امپائر ایلکس وارف بھی وہاں پہنچ گئے، وہ بھی معاملے کو سمجھ گئے اور حیدر کو قوانین کا بتانے لگے، وہاں بات بگڑ گئی اور تلخ کلامی شروع ہو گئی، راشد اور پی سی بی آفیشل عون زیدی نے معاملہ ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی۔

جنوبی افریقا اور ویسٹ انڈیز کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری ون ڈے میچ (آج) کھیلا جائے گا

پوچیفسٹروم (سپورٹس نیوز) جنوبی افریقا اور ویسٹ انڈیز کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری ون ڈے میچ آج (منگل کو) پوچیفسٹروم میں کھیلا جائے گا۔ مہمان ٹیم ویسٹ انڈیز کو تین میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہے، دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کا پہلا میچ بارش کی نذر ہو گیا تھا تاہم دوسرے ون ڈے میچ میں ویسٹ انڈیز نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جنوبی افریقا کو 48 رنز سے ہرا کر سیریز میں برتری حاصل کر لی، تیسرے اور آخری ون ڈے میچ میں دونوں ٹیموں کے درمیان دلچسپ مقابلے کی توقع ہے۔ ون ڈے سیریز مکمل ہونے کے بعد دونوں ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی میچوں پر مشتمل سیریز کا آغاز 25 مارچ کو سنچورین میں پہلے میچ سے ہوگا۔ ون ڈے سیریز میں ویسٹ انڈین ٹیم کی قیادت شائی ہوپ کر رہے ہیں جبکہ پروٹیز ٹیم کو ٹیمبا بووما لیڈ کر رہے ہیں۔ جنوبی افریقا اور ویسٹ انڈیز کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری ون ڈے میچ آج (منگل کو) پوچیفسٹروم میں کھیلا جائے گا۔ مہمان ٹیم ویسٹ انڈیز کو تین میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہے۔

پی سی بی سے خود کال کر کے افغانستان کی سیریز میں آرام مانگا: شاہین آفریدی

شاہین آفریدی نے بابر اعظم اور محمد رضوان کا نام لینے سے گریز کیا

لاہور (سپورٹس نیوز) شاہین آفریدی نے کہا ہے کہ میں نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو کال کر کے افغانستان کی سیریز میں آرام مانگا تھا۔ شاہین آفریدی نے بابر اعظم اور محمد رضوان کا نام لینے سے گریز کیا لیکن کہا کہ ہم تینوں نے پی سی بی سے آرام مانگا تھا اور ہم نے بورڈ سے بھی بات کی ہے۔ شاہین آفریدی کے اس بیان کے بعد ان قیاس آرائیوں کا خاتمہ ہوا ہے جن میں کہا گیا تھا کہ پی سی بی نے سینئر کھلاڑیوں کو زبردستی ریسٹ کرایا ہے اور شاہین آفریدی افغانستان سیریز میں کپتانی کے لیے امیدوار تھے۔

آئی ٹی سی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں حمزہ عاصم نے مردوں اور ماہ رخ ساجد نے خواتین کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) آئی ٹی سی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں حمزہ عاصم نے مردوں اور ماہ رخ ساجد نے خواتین کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا ہے۔ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب میں اسلام آباد ٹینس ایسوسی ایشن کے نائب صدر حسن بیگ اور ڈیوس کپ کوچ فضل سبحان نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے۔ اس موقع پر ٹورنامنٹ ڈائریکٹر کامران خلیل نے ٹورنامنٹ کی رپورٹ پیش کرتے ہوئے۔

23 مارچ کی تقریب میں بابر اعظم کو ستارہ امتیاز سے نوازا جائے گا

بابر اعظم ستارہ امتیاز حاصل کرنے والے سب سے کم عمر پاکستانی کرکٹر بھی بن جائیں گے

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم کو 23 مارچ کو ستارہ امتیاز سے نوازا جائے گا، جس کا اعلان گزشتہ سال 14 اگست کو کیا گیا تھا۔ بابر اعظم ستارہ امتیاز حاصل کرنے والے سب سے کم عمر پاکستانی کرکٹر بھی بن جائیں گے، عبدالقادر (مرحوم)، شاہد آفریدی، سرفراز احمد، یونس خان ماضی میں ستارہ امتیاز حاصل کرنے والے کرکٹرز میں شامل ہیں۔ بابر اعظم پہلے ہی پاکستان کے لیے مختلف فارمیٹس میں بیٹنگ کے کئی ریکارڈ توڑ چکے ہیں اور وہ اس وقت تینوں فارمیٹس کی آئی سی سی رینکنگ میں ٹاپ 5 میں ہیں۔ بابر اعظم کی کپتانی میں پاکستان نے 2021 میں پہلی بار کسی ورلڈ کپ میں بھارت کو شکست دی اور قومی بلے باز نے پاکستان کو ورلڈ کپ اور 2022 میں ایشیا کپ کے فائنل تک بھی پہنچایا۔

پاکستان نیٹ بال فیڈریشن زیر اہتمام ملک بھر میں پاکستان ڈے کے موقع پر نیٹ بال نمائشی مقابلے 23 مارچ کو کھیلے جائیں گے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان نیٹ بال فیڈریشن زیر اہتمام ملک بھر میں پاکستان ڈے کے موقع پر نیٹ بال نمائشی مقابلے 23 مارچ کو کھیلے جائیں گے۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر مدثر آرائیں نے بتایا کہ نمائشی میچز کے حوالے سے تمام منسلک اداروں اور ایسوسی ایشنز کو ہدایات جاری کر دی گئیں ہیں اور فیڈریشن ہر سال یوم پاکستان کے موقع نمائشی میچز منعقد کرواتی ہے اور مقابلوں کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات بھی تقسیم کئے جاتے ہیں۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن زیر اہتمام ملک بھر میں پاکستان ڈے کے موقع پر نیٹ بال نمائشی مقابلے 23 مارچ کو کھیلے جائیں گے۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر مدثر آرائیں نے بتایا کہ نمائشی میچز کے حوالے سے تمام منسلک اداروں اور ایسوسی ایشنز کو ہدایات جاری کر دی گئیں ہیں۔

سپورٹس ہاؤس کے زیر اہتمام پاکستان ڈے کے موقع پر بیڈمنٹن نمائشی مقابلے 23 مارچ کو کھیلے جائیں گے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی راولپنڈی کے ہیڈ کوچ مطاہر سہیل نے کہا ہے کہ مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی راولپنڈی کے زیر اہتمام اور سپورٹس ہاؤس رحمان آباد کے تعاون سے پاکستان ڈے کے موقع پر بیڈمنٹن نمائشی مقابلے 23 مارچ کو کھیلے جائیں گے جس کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور ان مقابلوں میں راولپنڈی اور اسلام آباد کی مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گی۔ انہوں نے کہا کہ مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی ہر سال پاکستان ڈے کے موقع پر 23 مارچ کو بیڈمنٹن کے نمائشی مقابلوں کا انعقاد کرتی ہے۔

سفارشیں پی سی بی آفیشلز کی ملازمتیں بچانے لگیں

جنید ضیا بھی ملتان جانے کے بجائے اسی شعبے میں رپورٹ کریں گے

کراچی (سپورٹس نیوز) سفارشیں پی سی بی آفیشلز کی ملازمتیں بچانے لگیں، ندیم خان کی تنخواہ 10 لاکھ روپے سے بھی کم کر کے ویمنز ونگ میں تبادلے کا فیصلہ ہو گیا۔ ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس ندیم خان پی سی بی میں نئی انتظامیہ آنے کے بعد سے سائیڈ لائن تھے، اب تو ہائی پرفارمنس سینٹر کو دوبارہ سے نیشنل کرکٹ اکیڈمی کا نام دیا جا چکا، ندیم کو برطرف کرنے کا فیصلہ ہو چکا تھا۔ سی او او سلمان نصیر نے اپنے پاس بلا کر انھیں آگاہ بھی کر دیا تھا۔ گزشتہ دنوں مینجمنٹ کمیٹی کی میٹنگ میں منظوری بھی دے دی گئی لیکن ان کے ''چاہنے والے'' ملازمت بچانے کی کوشش کرتے رہے، بعض اعلیٰ شخصیات کی سفارش پر پی سی بی حکام بھی ناں نہ کر سکے۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر کو اب ویمن ونگ میں ٹرانسفر کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے، ان کی ماہانہ تنخواہ بھی 10 لاکھ روپے سے کم ہو گئی، پہلے انھیں 14 لاکھ 72 ہزار 500 دیے جاتے تھے۔ اسی طرح جنرل منیجر ڈومیسٹک کرکٹ آپریشنز جنید ضیا کو ملتان ٹرانسفر کرنے کا فیصلہ بھی تبدیل ہو گیا، وہ بھی ویمن ونگ میں رپورٹ کریں گے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 21 مارچ 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 21 مارچ 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، نیوی-I، نیوی-II، انگوری، شاہ پور، شاہدرہ، مینگیال، این آئی ایچ، اتھال، پنجاب ہاؤس، بری امام، قائد اعظم یونیورسٹی، خیابان اقبال، پیر سوہاوہ، ایس سی پی، منڈالہ فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، بی بی شہید ہسپتال، ٹھمنہ روڑ، گلزار قائد، ائر پورٹ، گنگال فیڈر، راولپنڈی کینٹ سرکل، اسلام آباد فیڈ مل، جھٹہ ہتھیال، پنڈ جاتلہ، لیب-II، لیب-I، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ، سواں گارڈن-I، سواں گارڈن-II، ریور گارڈن، ایف ای سی ایچ ایس، ایس پی ڈی-II، پی اے ایف، آر آئی سی، گریسی لائن، رحمت آباد-I، جہانگیر روڈ فیڈرز، اٹک سرکل، ٹیکسلا-II، ٹیکسلا-I، شیر شاہ سوری فیڈرز، جہلم سرکل، شاہ سفیر فیڈر، چکوال سرکل، ساغر پور، عبداللہ پور، سی ڈبلیو او، جلال پور شریف، بشارت، سی ایس شاہ، ڈھڈوت فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، ڈھوک غزن، سکھو، کوٹ شیرا، شکریلہ فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

چاہیے، معاشرے میں امن وسکون کے لیے سب کو حصہ ڈالنا ہوگا۔ جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ ایک دوسرے کے ساتھ اختلافات دور کریں، قومی اداروں کا تحفظ کرنا بھی ہمارا کام ہے، اگر قانون اور عدالت کا احترام نہیں ہوگا تو انتشار ہوگا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے مزید کہا کہ موجودہ حالات میں سب کو اکھٹے ہوکر چلنا چاہیئے، ترقی کے لئے قربانیاں دینا پڑتی ہیں۔

بقیہ 2

دائر درخواست کی سماعت جسٹس چودھری عبدالعزیز نے کی۔ عدالت نے تحریک انصاف کے کارکنان کی نظر بندی غیر قانونی قرار دے دی اور کارکنوں کو فوری رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس چودھری عبدالعزیز نے کہا کہ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل تمام کارکنوں کی فوری رہائی یقینی بنائیں۔ یادرہے کہ ڈپٹی کمشنر کے حکم پر کارکنان کو راولپنڈی، جہلم اور اٹک پولیس نے گرفتار کیا تھا۔ لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے تحریک انصاف کے کارکنان کی نظر بندی غیر قانونی قرار دے کر 125 کارکنوں کو فوری رہا کرنے کا حکم دیدیا۔ لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ میں تحریک انصاف کے کارکنوں کی نظر بندی کیخلاف دائر درخواست کی سماعت جسٹس چودھری عبدالعزیز نے کی۔ عدالت نے تحریک انصاف کے کارکنان کی نظر بندی غیر قانونی قرار دے دی اور کارکنوں کو فوری رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس چودھری عبدالعزیز نے کہا کہ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل تمام کارکنوں کی فوری رہائی یقینی بنائیں۔ یادرہے کہ ڈپٹی کمشنر کے حکم پر کارکنان کو راولپنڈی، جہلم اور اٹک پولیس نے گرفتار کیا تھا

بقیہ 3

پی پی 149 سے مریم نواز کے کاغذات نامزدگی منظور ہوئے ہیں۔ مریم نواز کی جانب سے خالد اسحاق نے کاغذات کی جانچ پڑتال کا عمل مکمل کرایا، ریٹرننگ افسر نے مریم نواز کے کاغذات نامزدگی منظور کر لئے۔ یاد رہے کہ پنجاب اسمبلی انتخابات میں حصہ لینے کیلئے مریم نواز کی جانب سے 3 حلقوں سے کاغذات نامزدگی جمع کروائے گئے تھے۔ پنجاب اسمبلی کے حلقے پی پی 149 سے مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز کے کاغذات نامزدگی منظور کر لئے گئے۔ پنجاب میں انتخابات کیلئے امیدواروں کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال جاری ہے، لاہور کے حلقہ پی پی 149 سے مریم نواز کے کاغذات نامزدگی منظور ہوئے ہیں۔ مریم نواز کی جانب سے خالد اسحاق نے کاغذات کی جانچ پڑتال کا عمل مکمل کرایا، ریٹرننگ افسر نے مریم نواز کے کاغذات نامزدگی منظور کر لئے۔ یادرہے کہ پنجاب اسمبلی انتخابات میں حصہ لینے کیلئے مریم نواز کی جانب سے 3 حلقوں سے کاغذات نامزدگی جمع کروائے گئے تھے۔

بقیہ 4

پاکستان میں ایک شخص کے لئے وی آئی پی قانون ہے، دیگر لوگوں کے ساتھ امتیازی سلوک کیوں ہے؟ ہم سب کے کیا گناہ تھے، ہمیں سالوں اور مہینوں جیلوں کے اندر گلنا پڑا، لاڈلا صاحب کو کوئی سوال نہیں پوچھتا، عدالتیں ان کے لئے کھلی رہتی ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کی عدالتیں عمران خان کے آگے بے بس نظر آتی ہیں، یہ عدالتوں سے پسند کے فیصلے لیتا ہوا نظر آرہا ہے، یہاں عدالت کے دروازے توڑے گئے کسی نے نوٹس نہیں لیا، اس طرز عمل کی پاکستان میں مثال نہیں ملتی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر پاکستانی شہری کے لئے عدالت کو رات 8 بجے تک کھلا رہنا چاہیے، ہماری عدلیہ نے عمران نیازی صاحب کے لئے فراخدلی کا مظاہرہ کیا، ہر پاکستانی شہری فراخدلی کا حقدار ہے۔ رہنما مسلم لیگ ن نے کہا کہ پی ٹی آئی کی جانب سیفٹی لائن فورسز پر تشدد کیا گیا، جب بھی پاکستان کی گاڑی چلنے لگتی ہے، نیازی صاحب ملک کے اندر لاقانونیت، سیاسی عدم استحکام کیوں پیدا کردیتے ہیں؟ انہوں نے سابق وزیراعظم پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان نیازی صاحب نے 2013 اور 2018 میں فاشسٹ رویوں کا مظاہرہ کیا، اپوزیشن میں بیٹھ کر کوئی تعمیری کام نہیں کیا، عمران نیازی اپنے اپوزیشن دور میں فساد پھیلاتے رہے۔ احسن اقبال نے مزید کہا کہ ان کے اتحادی ان کے رویے کی وجہ سے ان کو چھوڑ گئے تھے، اس شخص کا 2002 سے ایک ٹریک ریکارڈ ہے، اپنی ضد پر 2 صوبائی اسمبلیوں کو تحلیل کیا، دو اسمبلیاں اس نوعیت سے توڑی گئیں کہ شاید پورا نظام گر جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان میں ایک تماشہ لگا ہوا ہے، ریاست اس تماشے کی متحمل نہیں ہوسکتی، پاکستان عمران خان کی ناقص معاشی پالیسیوں سے نکلنے کی کوشش کررہا ہے، ہم آئی ایم ایف سے معاہدہ دوبارہ بحال کررہے ہیں۔

بقیہ 5

رہے ہیں، بیرون ملک پاکستانی اس سازش کا حصہ نہ بنیں، عمران خان اداروں اور ان کے سربراہوں کو اپنی گندی سیاست میں گھسیٹ کر آئین شکنی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں افراتفری، فساد اور بغاوت کو ہوا دینے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے، وزیراعظم نے وزیر داخلہ کو ہدایت کی کہ ملک کے اندر اداروں کے خلاف غلیظ مہم چلانے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مزید کہا کہ تاریخ میں پہلی بار میرٹ پر لگنے والے آرمی چیف کے خلاف مہم ملک دشمنوں کا ایجنڈا ہی ہوسکتا ہے، قوم اپنے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے اور شرپسندوں کے خلاف متحد ہے۔

بقیہ 6

ہے۔ رہنما پی ٹی آئی نے پنجابی میں لکھا کہ ”اِنا توں بدمعاش“، یادرہے کہ نگران وزیراعلیٰ نے حکومت کی رٹ قائم کرنے کے لیے پولیس کو فری ہینڈ دے دیا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس نے کینال روڈ سے ٹینٹ اتارے ٹریفک جام ہورہا تھا۔ پولیس اور رینجرز بھی وہاں پر موجود تھی۔ محسن نقوی نے کہا کہ اب جو پولیس کی طرف ہاتھ بڑھائے گا وہ توڑیں گے۔ پولیس آگے جانا چاہتی تھی انہیں پتہ تھا کہ آگے اسلحہ بردار کھڑے ہیں۔ دونوں بار میں نے پولیس کو کہا واپس آجائیں۔ پولیس کو کہہ دیا رٹ قائم کرنے کے لیے جو کرنا پڑے کریں۔ ان ریاست کی رٹ قائم کریں گے۔ آئی جی پنجاب سے کہہ دیا ڈیڈ لائن دے دیں۔ یہ نہیں ہوسکتا ہے پولیس مار کھاتی رہے اور ہم چپ رہیں۔ دوسری جانب تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی زمان پارک میں رہائش گاہ کے باہر ہنگامہ آرائی کے بعد پنجاب پولیس نے پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنان کی فہرست تیار کرلی جبکہ قائدین کی گرفتاری کے لیے چھاپے بھی مارے گئے۔ پی ٹی آئی کے 100 سے زائد رہنماؤں کو گرفتار کرنے کے لیے لسٹیں تیار ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے یہ عہدیدار اور کارکن ہنگامہ آرائی میں ملوث ہیں ہیں، فہرست میں پی ٹی آئی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی، حماد اظہر اور یاسمین راشد سمیت دیگر کے نام ہیں

بقیہ 7

عوام کو اکسانا جرم ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا پر اداروں کیخلاف پروپیگنڈے پر آپریشن کلین اپ کریں گے، اس جرم میں ملوث عناصر کیخلاف کارروائی کی ہدایت کردی، معاملہ قانونی کارروائی کے لیے ایف آئی اے کو بھجوادیا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی رہنما شیریں مزاری نے ٹوئٹر پیغام میں اسلام آباد پولیس کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا، اسلام آباد پولیس نے بھی جوابی ٹویٹ میں پولیس افسران کو ہدف تنقید بنانے کی مذمت کی تھی۔

بقیہ 8

مفت طبی معائنہ کے لیے خصوصی کیمپس لگائے گئے ہیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر ارشد احمد وٹو، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر مشتاق بشیر عاکف، ڈائریکٹر ای پی آئی ڈاکٹر عبد جبار، ڈی ایچ او ڈاکٹر اسد اسلم اور ڈی ڈی ایچ او ڈاکٹر عرفان احمد سمیت دیگر کے ہمراہ ٹی ایچ کیو ہسپتال چک نمبر 90 جنوبی میں مفت طبی خصوصی کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس موقع بتایا گیا کوئی شہری ان کیمپس پر بنیادی طبی معائنہ، خون کی تشخیص، ہیپاٹائٹس، ایڈز، خوگر، ملیریا کی تشخیص، حفاظتی ٹیکے، دمہ امراض، سینہ کی تشخیص اور ٹی بی کی تشخیص کے لیے رابطہ کرسکتے ہیں۔ محکمہ صحت کی جانب سے خواتین اور خصوصاً بچوں کے معائنہ کے لیے بھی خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔ اے ڈی سی ارشد احمد وٹو نے خصوصی کیمپ کا تفصیلی معائنہ کیا اور اس ضمن میں ضروری ہدایات بھی جاری کیں

بقیہ 9

سکیم کا طرہ امتیاز ہے جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے سنٹرز پر خواتین ومرد کے بیٹھنے کے سایہ دار انتظامات وپینے کے پانی کی دستیابی چیک کی۔ انہوں نے ڈیوٹی سٹاف کو تاکید کی کہ مستحقین کو عزت واحترام کے ساتھ آٹا کے بیگ فراہم کئے جائیں اور ان کی رہنمائی کے لئے بھی اقدامات کریں۔ کمشنر نے کہا ضلعی انتظامیہ نے سنٹرز پر غیر معمولی انتظامات کررکھے ہیں اور یہ سکیم 25 رمضان المبارک تک صبح 9 سے شام 5 بجے تک بلاتعطل جاری رہے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنرز کو ڈسٹری بیوشن سنٹرز پر تمام تر ضروری انتظامات کو چوکس رکھنے کی ہدایت کی اور کہا کہ نگران حکومت پنجاب آٹا کی شفاف ومنصفانہ تقسیم کے سارے عمل کی براہ راست نگرانی کررہی ہے لہذا معمولی سی بھی کوتاہی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر آٹا حاصل کرنے والوں نے نگران وزیراعلی پنجاب سید محسن رضا نقوی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ضلعی انتظامیہ کے موثر انتظامات کی بدولت مستحقین کو تیز رفتاری سے آٹامل رہا ہے جو کہ احسن اقدام ہے۔ کمشنر کو بتایا گیا کہ تحصیل ساہیوال کے 66 ہزار 256 مستحقین میں ایک لاکھ 98 ہزار 767 آٹے کے تھیلے تقسیم کرنے لیے 3 ٹرکنگ پوائنٹس، 15 یونین کونسلوں میں خصوصی پوائنٹس بنانے علاوہ 2 یوٹیلیٹی اسٹورز پر سہولت فراہم کی گئی ہے۔ جبکہ سلانوالی کے 71 ہزار 736 مستحقین میں 2 لاکھ 15 ہزار 208 دس کلوگرام کے تھیلے مفت تقسیم کرنے کے لیے 19 یونین کونسلوں میں پوائنٹس بنانے کے لیے 5 یوٹیلی سٹوز اور تین فیئر پرائس شاپس پر یہ سہولت دستیاب ہے۔ دریں اثناء ضلع بھر میں پہلے روز 12 ہزار 997 دس کلوگرام کے آٹے کے تھیلے مستحق افراد میں تقسیم کئے گئے۔

بقیہ 10

ٹو چیئرمین راولپنڈی بورڈ ملک عبدالرزاق،، چوہدری محمد آصف سپرنٹنڈنٹ اکیڈمک برانچ، سردار طارق عزیز اسسٹنٹ کنڈکٹ، حفیظ ستی سپرنٹنڈنٹ فنانس برانچ اور اپسما راولپنڈی ڈویژن کے صدر ابرار احمد خان، کامران سیف قریشی، آغا شہاب مقصود، عدنان نثار، شیخ ندیم، محمد شعیب بن نعیم، شاہد یوسف، راجہ آصف محمود ودیگر شریک ہوئے۔ ممبر ڈسٹرکٹ رجسٹریشن اتھارٹی وصدر آل پاکستان پرائیویٹ سکولز منیجمنٹ ایسوسی ایشن راولپنڈی ڈویژن ابرار احمد خان نے راولپنڈی تعلیمی بورڈ کے تمام افسران کو اگلے عہدوں میں ترقی پانے پر مبارکباد پیش کی اور اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اپسما ماضی کی طرح آئندہ بھی اپنا تعاون جاری رکھے گی۔ انھوں نے کہا کہ پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز میں سرکاری طلبا وطالبات کی امتحانی اور دیگر فیسیں معاف ہیں صرف پرائیویٹ سکولز کے کندھوں پر سارا نظام چل رہا ہے اس اعتبار سے ہم سب سے بڑے اسٹیک ہولڈرز ہیں لہذا مشاورتی عمل میں ہمیں شریک کیا جائے۔ اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات راجہ سجاد اکبر نے اپسما کے تمام عہدیداران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا اپسما راولپنڈی ڈویژن کے تعلیمی اداروں کی کی واحد نمائندہ تنظیم ہے جس نے طلبا وطالبات اور اداروں کے حقوق کی ہمیشہ جنگ لڑی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہم نجی تعلیمی شعبہ کی فروغ تعلیم کے لیے کی جانے والی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ نجی شعبے کے تعاون کے بغیر تعلیمی بورڈز اپنے اہداف حاصل نہیں کر سکتے ہمارا ان کے ساتھ چولی دامن کا ساتھ ہے۔ انھوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پبلک و پرائیویٹ سیکٹر مل کر تعلیمی بورڈ ز کے معاملات کو بہتری کی طرف لے کر جائیں گے۔

بقیہ 11

کارکنوں کو اشتعال دلایا گیا، آنسو گیس کی شیلنگ اور پولیس کی جانب سے پتھراؤ بھی کیا گیا، جب عدالت کے دروازے پر گیا تو اندر پولیس اور رینجرز تھی، عدالت کے اندر وہاں پر نامعلوم افراد تھے، میرے کولیگ نے اندر سے مجھے اشارہ کیا جلدی نکلو، میرے کولیگ نے کہا یہ جیل نہیں بھیجیں گے قتل کرنے لگے ہیں۔ عمران خان نے کہا کہ چیف جسٹس صاحب دیکھیں اس ملک میں کیا ہو رہا ہے، چیف جسٹس صاحب دیکھیں ایسے لوگوں کو عدالت کے اندر کیوں جانے دیا گیا؟ وکلا کو اندر جانے سے کیوں روکا جارہا تھا، اپنی زندگی میں ایسے حالات کبھی نہیں دیکھے، اس وقت ملک میں کسی قسم کا آئین وقانون پر عمل نہیں کیا جارہا، یہ جو مرضی کرلیں اب الیکشن نہیں جیت سکتے، اب یہ مجھے قتل کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جس آدمی نے گولیاں ماریں اس کا ٹرائل ویڈیو لنک کے ذریعے ہوتا ہے، جیسے باہر نکلتا ہوں تو مجھے جان کا خطرہ اور مزید کیسز کردیئے جاتے ہیں، جب میں نے جوڈیشل کمپلیکس کے اندر جانا تھا تو میری کس نے حفاظت کرنی تھی؟، جوڈیشل کمپلیکس میں مجھے ٹریپ کیا گیا، معجزہ دیکھا شیلنگ کے دوران تیز ہوا چلی اور شیلنگ کا رخ پولیس کی طرف ہوگیا، اللہ نے مجھے بچایا۔ سابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا جب میں نیو جوڈیشل کمپلیکس کیا اندر جانا تھا انہوں نے دروازے بند کرکے مجھے مار دینا تھا، بار بار کہہ رہا ہوں میری زندگی کو خطرہ ہے، مجھے کیوں بار بار بلایا جارہا ہے، جوڈیشل کمپلیکس میں ہمارے وکلا پر ڈنڈے برسائے گئے، انتشار پھیلا کر انہوں نے مجھے قتل کرنا تھا، جوڈیشل کمپلیکس کے اندر جو 20 لوگ گئے ان کا مقصد قتل کرنا تھا۔ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے کہا کہ چیف جسٹس ان سے پوچھیں یہ 20 لوگ کون تھے؟، اگر میں جیل گیا تو یہ جیل میں بھی مجھے مروا دیں گے، یہ اپنے مفادات کیلئے ایسا کر رہے ہیں ان کو پاکستان کی کوئی فکر نہیں، سابق آرمی چیف نے ان چوروں کو ہم پر مسلط کیا، دشمن بھی ایسا نہیں کرسکتا تھا جو سابق آرمی چیف نے کیا، چیف جسٹس صاحب سے گزارش ہے کہ معاملے کا نوٹس لیں۔ عمران خان نے مزید کہا کہ چیف صاحب اگر ملک میں انتشار پھیلے گا تو ان لوگوں کو کوئی فکر نہیں ہوگی، آصف زرداری، نواز شریف کا سب کچھ باہر ہے، جب وکلا کو اندر جانے کی اجازت نہیں تو یہ کون لوگ تھے جو عدالت کے اندر گئے، یہ الیکشن کرانے نہیں مجھے اور تحریک انصاف کو ختم کرنے آئے ہیں، چیف جسٹس صاحب تمام کیسز میں ویڈیو لنک کے ذریعے میری سماعت کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ رات سے پی ٹی آئی کے رہنماں کے گھروں میں چھاپے مارے جا رہے ہیں، لوگوں کو ڈرایا دھمکایا جا رہا ہے، پولیس بدنام ہورہی ہے، حسان نیازی ضمانت لیکر باہر نکلتا ہے تو اسے ویگو ڈالے میں اٹھا کر لے جاتے ہیں، پلاسٹک بوتلوں کو پٹرول بم بنا کر پیش کیا گیا، مجرم پیشہ لوگ نوکروں کو اٹھا کر لے گیا، پہلے بدھ کو مینار پاکستان جلسے کی اجازت دی اب روکا جارہا ہے۔ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے کہا کہ ہمیں صرف عدلیہ سے امید ہے ہمارے انسانی حقوق کی حفاظت کرے، جس طرح کا تشدد، غیر قانونی کام کیا جارہا ہے شواہد اکٹھے کرکے یورپی یونین کو بھجوا رہے ہیں، انٹرنیشنل ہیومین رائٹس کو اپروچ کریں گے، پاکستان کی جمہوریت کو قتل کیا جا رہا ہے، پشتون ورکرز کو طالبان ڈکلیئر کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، یہ انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ڈس انفارمیشن پھیلائی جا رہی ہے، جھوٹوں کی ملکہ ایسے پھرتی ہیں جیسے پاکستان اس کی جاگیر ہے، اس کو ملک میں آئین وقانون کی کوئی فکر نہیں، اگر ملک میں کوئی پارٹی انتشار نہیں چاہتی تو وہ تحریک انصاف ہے، ہمارا کارکن ملک میں تصادم نہیں الیکشن چاہتا ہے، ذاتی مفادات کی سیاست کرنے والے ملک میں تقسیم کی سیاست چاہتے ہیں۔ عمران خان نے کہا کہ نریندر مودی نے بھی اپنے ملک میں نفرتیں پھیلائیں، کراچی میں بھی نفرتیں پھیلائی گئیں اور کراچی تباہ ہوگیا، آج بھی یہی کوشش ہورہی ہے کہ ووٹ لینے کیلئے پنجابی اور پٹھان کو لڑایا جائے، واضح کردوں فوج اور ملک بھی میرا ہے، میں نے اپنے بیگ اٹھا کر ملک سے باہر نہیں بھاگنا، جان کے خطرے کے باوجود اسلام آباد پیشی پر گیا، مجھے موت کا نہیں اپنے ملک کا خوف ہے۔

بقیہ 12

تاریخ ہے۔ سیلاب کی بحالی کی حالیہ سرگرمیوں کے ایک حصے کے طور پر، ایف ایف سی نے گھونگی کے آس پاس میں سیلاب متاثرین کے لیے مکانات تعمیر کرنے کی کوشش کی۔ اب تک 67 مکانات گھونگی کے مکینوں کے حوالے کیے جاچکے ہیں جن میں 6 بیوائیں شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق رمضان کریم کے آغاز سے قبل مزید 22 مکانات کی تعمیر مکمل کرنے اور حوالے کرنے کی کوششیں جاری ہیں تاکہ مکین عید الفطر خوشی سے مناسکیں۔ مزید برآں FFC کے بحالی کے منصوبے نے پسماندہ کیمونٹی کو سکون اور انسانی امداد فراہم کرنے کے لیے مقامی لوگوں کی جانب سے بے پناہ تعریف حاصل کی ہے۔

بقیہ 13

کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 14

زکوات وعشر کمیٹی ضلع میرپور خاص کے چیئرمین میر زاھد حسین تالپور نے کیا نمائشی میلے میں اسمارٹ اسکول ڈگری اور سندھ سائینس اکیڈمی کے طلبہ و طالبات محمد حماد. سندھو. فاطمہ. ایان علی. مہتاب احسن اور دیگر طلباو طالبات کی جانب سے مختلف ماڈلز بنائے گئے تھے. جس میں سندھی کلچر کے حوالے سے سندھی کی تاریخ. سندھی رلی سندھی لباس. شعبہ طب. زراعت سمیت دیگر شعبہ جات بابت ماڈل شامل تھے. جبکہ بچوں کی جانب سے ٹیبلو اور خاکے بھی پیش کئے گئے. تقریب میں طلبا طالبات نے جئے سندھ جئے سندھ وارا جئین اور ھو جمالو گیت پر پرفارمنس پیش کرکے خوب داد حاصل کی. تقریب میں آنے والے مہمانوں اور والدین نے بچوں کے تیار کردہ ماڈلز میں گہری دلچسپی لی. ماڈل تیار کرنے والے طلبا وطالبات نے اپنے اپنے ماڈلز بابت آگاھی دی تقریب کے مہمان خصوصی میر زاھد حسین تالپور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسمارٹ اسکول ڈگری کا ایک معیاری اور جدید تعلیمی ادارہ ہے. جس میں بچوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ دیگر غیر نصابی سرگرمیوں کے ذریعے موجودہ دور کی دوڑ میں شامل ہونے کی تربیت دی جارہی ہے. اسمارٹ اسکول کے آنر میر سھراب خان تالپور. پرنسپل صفوراں ساجد. جہانزیب آرائیں نے مختلف اسکولوں سے آنے والے اساتذہ. طلباوطالبات والدین. اور شہریوں کی جانب سے بچوں کی جانب سے بنائے گئے ماڈلز کی تعریف اور سراہنے پر ان کا شکریہ ادا کیا. مقررین نے کہا کہ طلبا وطالبات نے مختلف شعبہ جات کے ماڈلز تیار کرکے ثابت کیا ہے کہ ڈگری کے طلباو طالبات میں بھی خداداد صلاحیتیں موجود ہیں جس کے ذریعے یہ دنیا کے ہر میدان میں خود کو منوا سکتے ہیں. اس موقع پر تقریب میں طلبا وطالبات والدین سمیت شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی.

بقیہ 15

حوالے کیا جائے گا۔ امدادی سامان کی دوسری کھیپ 23 مارچ کو پاکستان نیوی کے جہاز پی این ایس معاون پر مرسن پہنچے گی۔ مرسن بندرگاہ آمد پر مرسن کے گورنر، ترک حکومتی نمائندوں، ترکیہ میں تعینات پاکستان کے سفیر اور ترک بحریہ کے حکام نے پاک بحریہ کے جہاز کا استقبال کیا۔ پی این ایس نصر پر ملاقاتوں کے دوران مشن کمانڈر نے چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی اور پاکستانی عوام کی جانب سے ترک حکام سے تعزیت کا اظہار کیا اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ قبل ازیں، 13 تا 19 مارچ تک شام کی بندرگاہ لطاکیہ میں قیام کے دوران پی این ایس نصر نے خیموں، کمبل، گرم کپڑے، راشن، ادویات اور جنریٹرز پر مشتمل امدادی سامان کی بڑی کھیپ شامی حکام کے حوالے کی۔ مشن کمانڈر نے کمانڈر سیرین نیول فورسز اینڈ کوسٹل ڈیفنس میجر جنرل محسن عیسی سے شامی نیول ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات کی جس میں بحری تعاون اور زلزلہ متاثرین کی بحالی کے لیے جاری اقدامات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ مشن کمانڈر اور جہاز کے کمانڈنگ آفیسر نے کراس شپ وزٹ، راشن کی تقسیم اور مقامی اسکول کے دورے پر مشتمل مختلف سماجی اور امدادی سرگرمیوں میں بھی حصہ لیا۔ پاک بحریہ کی میڈیکل ٹیموں نے میڈیکل کیمپ کے قیام سے مقامی ڈسپنسری کو طبی امداد کی فراہمی میں معاونت کی۔ مقامی سکولوں کے بچوں نے بھی پی این ایس نصر کا دورہ کیا اور افسران اور جوانوں سے ملاقات کی۔ شامی حکومت اور عوام نے امدادی سامان کی فراہمی پر حکومت پاکستان کی کوششوں کو بے حد سراہا۔ پاک بحریہ کے بحری جہازوں کی جاری امدادی اور ریلیف مشن حکومت پاکستان کی ہدایات کے مطابق شام اور ترکیہ کی عوام کو ہر ممکن مدد کی فراہمی کے لیے پاک بحریہ کے عزم کا مظہر ہے

بقیہ 16

امین گنڈا پور کی پولیس سے تلخ کلامی ہوئی۔ تلخ کلامی کے دوران علی امین گنڈا پور اور ساتھیوں نے چیک پوسٹ پر فائرنگ کی اور چلے گئے۔ بھکر پولیس کے ترجمان نے کہا کہ علی امین گنڈا پور شراب کے نشے میں تھے۔ جبکہ ڈی پی او محمد نوید نے کہا کہ علی امین گنڈا پور کے 4 گارڈ اور گاڑی حراست میں لے لی گئی۔ محمد نوید کا کہنا ہے کہ آفتاب، شکیل، الطاف اور نیک محمد کو حراست میں لیا گیا۔ چاروں افراد کے قبضے سے گاڑی بھی تحویل میں لی گئی۔ زیر حراست افراد کا تعلق تلہ گنگ، چکوال، اٹک اور خیبر سے ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ علی امین گنڈا پور سمیت دیگر ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کررہے ہیں۔ داجل چیک پوسٹ پر چیکنگ کے لیے روکنے پر علی امین نے ہنگامہ کیا اور فائرنگ کی۔ دوسری جانب وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں عمران خان کی توشہ خانہ کیس میں پیشی پر توڑ پھوڑ کا مقدمہ تھانہ کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) میں درج کرلیا گیا۔ مقدمہ دہشت گردی سمیت 10 جرائم کی مختلف دفعات کے تحت درج کیا گیا ہے، مقدمہ پی ٹی آئی کے 50 کے قریب گرفتار ورکرز اور مطلوب رہنماؤں پر درج کیا گیا۔ مقدمے میں علی امین گنڈا پور، مراد سعید، عامر کیانی، اسد قیصر، شبلی فراز، اسد عمر، عمر ایوب، علی اعوان اور حسان نیازی سمیت 17 رہنماؤں کو نامزد کیا گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق پولیس چیک پوسٹ کو نقصان پہنچایا گیا، جوڈیشل کمپلیکس کا مین گیٹ اور شیشے توڑے گئے۔

بقیہ 17

انکی نماز جنازہ 4 بجے وارڈ نمبر 27 جھنڈا والے قبرستان میں ادا کی گی نماز جنازہ میں، امیدوار برائے ایم پی راجہ عثمان ضمیر، سابق کونسلر بلدیہ شہزادہ خان، آصف خان، گوجر خان بار ایسوسی ایشن کے وکلا، راجہ ظہور منظور، راجہ جواد، راجہ ازرم، راجہ شاہد کیانی، کاروباری شخصیات راجہ عمیر، مرزا تیمور وارثی، دیگر کاروباری سیاسی سماجی، وکلا برادری، صحافتی، مذہبی، کاروباری شخصیت سمیت، اہل جھنڈا نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور مرحومہ کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی

بقیہ 18

کی مدد سے تفتیش کرتے ہوئے راہزن گینگ کا سراغ لگا کر ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضے سے چھینی گئی رقم اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد کرلیا۔ گرفتار ملزمان نے ابتدائی تفتیش کے دوران واردات میں ملوث ہونے کا اعتراف کرلیا ہے۔ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 19

انجمن تاجران کمرشل مارکیٹ سید شاہد علی شاہ نے گزشتہ روز اپنے ایک بیان کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ ٹی ایم اے نے انجمن تاجران کمرشل مارکیٹ کی مشاورت سے مارکیٹ میں سرکلر جاری کیا یونین اس آپریشن میں مداخلت نہیں کرے گی اور یونین نے مداخلت نہیں کی جب انہوں نے دکانیں سیل کیں لیکن علی عمران نے دکانیں سیل کر کے کمرشل مارکیٹ میں ہارے ہوئے گروپ کی طرف سے سابقہ ایم این اے کے فون پر دکانیں کھول دیں جبکہ ہمیں پابند کر دیا کہ آپ نے مداخلت نہیں کرنی سفارش نہیں کرنی اور اپوزیشن کو فائدہ دیا جارہا ہے۔ صرف ان دکانوں کا ٹارگٹ کیا جارہا ہے جو انہیں منتھلی نہیں دیتے ہیں جبکہ اس کے علاوہ پوری مارکیٹ میں ریڑھیاں، چپس، برگر اور جوس والوں کو پوچھا تک نہیں جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ پارک کے چاروں مسجد قبرستان کے باہر آپریشن کے باوجود یہ سب موجود ہیں، کمشنر صاحب اس کرپٹ افسر کو تبدیل کریں اور اس کے کار خاص انسپکٹر لودڑ کو تبدیل کیا جائے پھر آپریشن کیا جائے

بقیہ 20

موجود ڈیڈ باڈیز جل گئی ہیں، عاطف منصف خان کی گاڑی میں موجودگی کی تصدیق کی گئی ہے

بقیہ 21

میں مزید کہا کہ میرے خیال سے عمران خان کو ہٹانے میں فوج نے بھی ساتھ دیا ہوگا۔ جہاں مجھے ہٹانے کا تعلق ہے تو میں محض ایک وزیر تھا اور فقط ایک نوٹیفیکیشن سے ہٹ گیا۔ مجھے ایک دن بٹھا کر کہا گیا کہ استعفیٰ دے دو اور میں نے دے دیا۔ میں تو وزیراعظم کی صوابدید سے کام کیا کرتا تھا۔ عمران خان کو وزارت عظمیٰ سے ہٹانے میں امریکا کا ہاتھ نہیں تھا، انہیں اپوزیشن نے ہٹایا، فوج اس معاملے پر اپوزیشن کے خلاف نہیں تھی۔ مفتاح اسماعیل نے کہا عمران خان کو تحریک عدم اعتماد سے ہٹایا گیا جو اپوزیشن کا حق ہے۔ 2022ء میں برطانیہ کے 2 وزرائے اعظم کو بھی عدم اعتماد سے ہٹایا گیا تاہم انہوں نے سڑکوں پر جہاد شروع نہیں کیا۔ یہ بات سب جانتے ہیں کہ پاکستان میں اسٹیبلشمنٹ کا سیاست میں ہاتھ ہے اور کس طرح خان صاحب کو لائے تھے۔ سابق وزیر خزانہ نے عمران خان کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ جتنا اچھا بیانیہ انہیں بنانا آتا ہے شاید ہی پاکستان میں کسی کو آتا ہو۔ جب انہیں ہٹایا گیا تو سب سے پہلے بیرونی سازش کی بات کہی گئی، پھر حقیقی آزادی کی بات ہوئی، پھر اندرونی سیاست، جنرل باجوہ صاحب کی سازش، پھر کہا کہ محسن نقوی کی سازش ہے اور آخر میں کاروباریوں پر الزام لگا دیا گیا۔ عمران خان روز اپنا بیانیہ بدلتے رہتے ہیں۔ ان کے قول وفعل میں بہت تضاد ہے۔ قانون جب ان پر لاگو ہوا ہے تو یہ نہیں مانتے۔ میں نے خدانخواستہ یہ کبھی نہیں کہا کہ عمران خان اچھے لیڈر ہیں البتہ وہ اچھے سیاستدان ہیں۔ پاکستان کی معیشت کے حوالے سے مفتاح اسماعیل نے کہا متعدد پالیسیوں سے متعلق غلطیوں کا ذکر کیا۔ روپے کی قیمت کو معاشی طاقت سمجھتے ہوئے کبھی ہم نے روپے کی قیمت کو مصنوعی طریقے سے بڑھایا اور کبھی ڈالر کی قیمت کو کم کیا۔ مفتاح اسماعیل نے مزید کہا کہ اگر ہم تسلسل کے ساتھ دانشمندانہ فیصلے کرتے، چاہے وہ مشکل ہی کیوں نہیں ہوتے تو آج جب پٹرول دنیا میں سستا ہوگیا تو پٹرول کی قیمت بڑھانے کی نوبت نہیں آتی اور نہ اتنی مہنگائی ہوتی نہ شرح سود اس قدر بلند ہوتی۔ میں سمجھتا ہوں کہ مشکل فیصلے کرلیے ہوتے تو اکتوبر نومبر سے بہتری آنے کا قوی امکان تھا۔

بقیہ 22

ہے کہ حسان خان نیازی میرے ساتھ نکلے، ہم نے بتایا ضمانت ہوگئی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے کہا ہے کہ تمام مقدمات میں ضمانت کے باوجود ایس پی نوشیروان نے دہشت گردی عدالت کے باہر سے حسان نیازی کو اغوا کرلیا ہے۔ پولیس گردی کی انتہا ہوگئی ہے، حسان نیازی وکیل جس کی ابھی عدالت نے ضمانت منظور کی ہے اس کو اغوا کرلیا گیا ہے۔ فرخ حبیب نے مزید کہا کہ حسان نیازی ایک متحرک وکیل ہیں۔ ملک بھر کے وکلا کو فوری سڑکوں پر احتجاج کے لئے نکل آنا چاہیئے۔ دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی زمان پارک میں رہائش گاہ کے باہر ہنگامہ آرائی کے بعد پنجاب پولیس نے پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنان کی فہرست تیار کرلی جبکہ قائدین کی گرفتاری کے لیے چھاپے بھی مارے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پی ٹی آئی کے 100 سے زائد رہنماؤں کو گرفتار کرنے کے لیے لسٹیں تیار ہیں۔ حکومت کے ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے یہ عہدیدار اور کارکن ہنگامہ آرائی میں ملوث ہونے کے خواہ ہیں۔ فہرست میں پی ٹی آئی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی، حماد اظہر اور پنجاب کی صدر یاسمین راشد سمیت دیگر کے نام ہیں۔ حکومت کا کہنا ہے کہ مذکورہ رہنما ہنگامہ آرائی میں ملوث پی ٹی آئی کارکنان کی حوصلہ افزائی اور پارٹی کو فنانسنگ فراہم کر رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق فہرستوں میں مطلوبہ افراد کے تمام کوائف موجود ہیں، مطلوب کارکنان کو اے اور بی کیٹگری میں رکھا گیا ہے۔ جس کے تحت اے کیٹگری والوں کو پہلے گرفتار کیا جائے گا۔

بقیہ 23

پیمرا اور صحافیوں سے متعلق قوانین پر سٹیک ہولڈرز کی مشاورت کے بعد ترامیم کے لئے ان قوانین کو کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی کیسز کو ارسال کیا جائے گا۔ وہ پیر کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات کے اجلاس کو بریفنگ دے رہی تھیں۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین کمیٹی جویریہ ظفر آہیر نے کی، اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس کو وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی)پیمرا (، پاکستان انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ) پی آئی ڈی (سے متعلق مسودہ قانون سازی، پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن) پی بی سی(، ایسوسی ایٹ پریس آف پاکستان) اے پی پی (سے متعلق ترامیم پر بریفنگ دی گئی۔ سیکرٹری وزارت اطلاعات ونشریات نے بتایا کہ 7 بلز زیر غور ہیں اور وزارت ترمیم کے بعد انہیں کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی کیسز کو بھجوائے گی۔ انہوں نے کہا کہ معزز اسلام آباد ہائی کورٹ نے وزارت کو ہدایت کی ہے کہ وہ ترامیم کرنے سے پہلے تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کرے۔ وزارت اسلام آباد ہائی کورٹ کی ہدایت کے مطابق متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مسلسل رابطے کررہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وزارت صحافیوں کے تحفظ کے حوالے سے بھی کام کررہی ہے اور اس حوالے سے سٹیک ہولڈرز سے مشاورت جاری ہیں۔ سیکرٹری اطلاعات نے بتایا کہ صحافیوں اور میڈیا پروفیشنلز کے تحفظ سے متعلق کیسز کو ہیومن رائٹس ڈویژن سے انفارمیشن ڈویژن میں منتقل کیا گیا تھا جس نے اب انہیں پارلیمانی امور ڈویژن کو منتقل کر دیا ہے۔ اسلام آباد پولیس کے نمائندے نے صحافیوں اور میڈیا کے پیشہ ور افراد کے تحفظ سے متعلق مقدمات کی پیش رفت پر کمیٹی کو بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ آئی سی ٹی پولیس کے پٹرولنگ اہلکاروں کو میڈیا ہاسز اور میڈیا پروفیشنلز کی رہائش گاہوں کی سیکیورٹی کے لیے ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ عدالت کی ہدایت کے مطابق ایک ایف آئی آر درج کی جائے گی۔ کمیٹی نے ہدایت کی کہ وزیر داخلہ آئندہ اجلاس میں کمیٹی کو صحافیوں کے تحفظ کے لیے وزارت کی جانب سے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کریں۔ بعدازاں، کمیٹی نے پرائیویٹ ممبرز بل، جس کا عنوان تھا "دی انڈیسنٹ ایڈورٹائزمنٹ پرہیبیشن)ترمیمی (بل، "2022)موجودہ ایم این اے محمد جمال الدین (کو دیگر قانون سازی کے ساتھ ساتھ موخر کر دیا اور اس پر اگلے اجلاس میں غور کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں کرن عمران ڈار، زیب جعفر)ویڈیو لنک کے ذریعے (، ذوالفقار علی بہان، محترمہ ناز بلوچ، اور پروفیسر ڈاکٹر شہناز نصیر بلوچ، ناصر خان موسی زئی، وزارت اطلاعات ونشریات، وزارت قانون و انصاف، وزارت داخلہ، آئی سی ٹی پولیس، پیمرا، پی آئی ڈی، پی بی سی اور اے پی پی کے حکام شریک تھے۔

بقیہ 24

لیے چیک کرتے رہے وہاں پر موجود شہریوں نے اے سی گوجر خان کے اس اقدام کو سراہا اے سی گوجر خان نے چیف آفیسر بلدیہ کو وہاں موجود رہ کر شہریوں کو آٹے کی فراہمی بغیر کسی دشواری کے بلاتعطل جاری رکھنے کی ہدایات کیں میگا آٹا پوائنٹ پر بغیر چپ کے آئی ڈی کارڈ کی سکیننگ میں شہریوں کو شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے شدید رش کی کی وجہ سے بار بار لنک ڈاون ہو جانے کی وجہ سے آٹا لینے کے لیے آنے والی عوام پریشانی کا شکار وہاں پر موجود بیشتر خواتین نے کہا کہ ہم صبح سے آئی ہیں مگر چپ والا آئی ڈی کارڈ نہ ہونے کی وجہ ہمیں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ساتھ 8070 پر میسج بھی کر رہی ہیں وہاں سے بھی جواب موصول نہیں ہو رہا ہے بار بار لنک ڈاون ہونے کی وجہ سے میگا پوائنٹ پر شہریوں کا ایک بہت بڑا جم غفیر اکٹھا ہوا ہے شہریوں کی جانب سے لائنز نہ بنانے کی وجہ سے بار بار عملے کی جانب سے لائن میں رہنے کی ہدایات کی جارہی ہیں تاکہ بروقت آٹے کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے مگر لیڈیز کی جانب سے نظم و ضبط دیکھنے کو کہیں بھی نظر نہیں آیا بعد میں آنے والی خواتین کی حتی الامکان یہ ہی کوشش رہی کہ وہ پہلے آگے کاونٹر پر پہنچیں جس کی وجہ سے بھی عملے کو شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے بارہا انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے منع کرنے کے باوجود شہری نظم وضبط کا مظاہرہ کرنے سے گریزاں نظر آئے

بقیہ 25

گیا ہے۔ یادرہے کہ اس سے پہلے بھی نیب نے عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو توشہ خانہ کیس کی تحقیقات کیلئے طلبی کا سمن جاری کیا تھا، بشریٰ بی بی کو 9 مارچ کو طلب کیا گیا تھا۔ نیب نے فواد چوہدری اور شاہ محمود قریشی کو بھی طلب کیا گیا تھا، شاہ محمود قریشی کو 7 مارچ اور فواد چوہدری کو 8 مارچ کو طلب کیا گیا۔ نیب کی جانب سے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو ریکارڈ ساتھ لانے کی ہدایت کی گئی۔ یہ بھی خیال رہے کہ نیب نے 8 نومبر 2022 کو عمران خان کے خلاف توشہ خانہ کیس کی تحقیقات شروع کیں، عمران خان پر توشہ خانہ کے تحائف کم قیمت پر لینے کا الزام ہے۔ ڈی جی نیب راولپنڈی توشہ خانہ کیس کی تحقیقات کی نگرانی کر رہے ہیں، نیب نے کابینہ ڈویژن اور توشہ خانہ سے عمران خان کے تحائف کا ریکارڈ حاصل کیا تھا۔ نیب نے کیس میں کابینہ ڈویژن اور توشہ خانہ کے افسران کا ابتدائی بیان قلم بند کیا، نیب کے مطابق توشہ خانہ سے لیے جانے والے تحائف کی تحقیقات کی جارہی ہیں، قطر کے چیف آف اسٹاف کی جانب سے دیئے جانے والے آئی فون کی انکوائری شامل ہے۔ 2020 میں سعودی شہزادے کی جانب سے دی جانے والی گھڑی، کف لنکس اور انگوٹھی بھی تحائف میں شامل ہے۔ جبکہ توشہ خانہ کیس کی تحقیقات کیلئے نیب ٹیم کو بیرون ملک بھی بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا تھا، تحقیقات کرنے والی نیب کی ٹیم یو اے ای بھی گئی تھی۔

بقیہ 26

روک تھام میں مدد ملے گی۔ نالیوں کی صفائی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ کمشنر راولپنڈی نے خالی پلاٹوں کی نشاندہی اور مالکان کو پلاٹوں کی صفائی کے لیے نوٹسز جاری کرنے کی ہدایت جاری کی۔ کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ نے ہدایت دی کہ ڈینگی کا خطرہ منڈلا رہا ہے۔ کہیں بھی صفائی کے معاملے میں کوتاہی نظر نہیں آنی چاہیے۔ تمام ہاٹ سپاٹس کی مکمل صفائی کی جائے۔ کمشنر راولپنڈی نے میونسپل کارپوریشن کے سی ای او کو سڑکوں اور گلیوں سے بلڈنگ میٹیریل ہٹانے کی ہدایت کی۔ کمشنر راولپنڈی نے آوارہ کتوں کو مارنے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ 27

ناروا سلوک ایسے سمجھا جائے گا، جیسے مجھ سے ناروا سلوک ہوا، ہفتہ وار چھٹی کا شیڈول بنا کر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ہر جوان کو ہفتہ وار چھٹی ضرور ملنی چاہیے، ہفتہ وار چھٹی کے علاوہ باقی تمام پولیس افسران تھانوں میں موجود رہیں گے، تھانوں کے کچن آپریشنل کرکے 30 دنوں میں تھانوں کا میس چلنا چاہیے، تھانہ میں صفائی اور بلڈنگ کی مرمت بہتر ہونی چاہیے، محرر آفس میں ریکارڈ سالانہ ترتیب سے لگا ہوا ہو، اپنے ورک اسٹیشن کو دستیاب وسائل میں بہترین بنائیں محرر اور ریڈر اہم پوسٹ ہے آپ ذمہ داری سے کام کرکے فورس کی کارکردگی بہتر بنا سکتے ہیں، بہتر سروس ڈیلیوری اور فورس کی ویلفیئر اولین ترجیحات ہیں، پرفارمنس سٹینڈرز میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ 28

قبائلی نوجوانوں کو بیس ہزار نوکریاں دی جائے تاکہ قبائلی عوام میں مایوسی کا خاتمہ ہوں سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں بدامنی و مہنگائی عروج پر ہے اور موجودہ خراب معاشی صورتحال کے ذمہ دار پی ڈی ایم و پی ٹی آئی ہے جنہوں نے ملک کو آئی ایم ایف کے حوالہ کیا ہے اور چوریاں شروع کی ہے توشہ خانہ سے اربوں روپے کے تحائف چوری کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان پی ڈی ایم کے سربراہ ہے جو اس مہنگائی اور بدامنی پر خاموش ہے اور چوروں کے ساتھ ملے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ملک میں بے انصافی ہے عدالتیں انصاف دینے میں ناکام ہیں اس لیے جماعت اسلامی ملک میں خلافت چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مزید بدامنی کی اجازت نہیں دے گے امن ہر مکاتب فکر کے لوگوں کا مطالبہ اور ضرورت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پورے ملک میں بیک وقت قومی وصوبائی اسمبلیوں کی انتخابات کیا جائے، ملک کا معاشی صورتحال اس کا متحمل نہیں کہ الگ الگ انتخابات کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ نے ملک پر چور مسلط کیے ہیں اسٹیبلشمنٹ پی ڈی ایم اور تحریک انصاف کی حمایت چھوڑے پھر جماعت اسلامی سے کوئی بھی قوت جیت نہیں سکتے۔

بقیہ 29

ازاں معزز مہمانوں کو پولیس کے چاق چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال اور جسٹس جمال خان مندوخیل نے بلڈنگ کے مختلف حصوں کا بھی معائنہ کیا اور کوئٹہ رجسٹری کی نئی عمارت میں سپریم کورٹ کے دو بنچ کیسوں کی سماعت بھی کرینگے۔ بنچ نمبر 1 چیف جسٹس عمر عطاء بندیال اور جسٹس محمد علی مظہر اور بنچ نمبر 2 جسٹس یحیی خان آفریدی اور جسٹس جمال خان مندوخیل پر مشتمل ہے، اس موقع پر چیف جسٹس آف پاکستان عمر عطاء بندیال نے کہا کہ اللہ تعالی ہمیں صحیح معنوں میں انصاف فراہم کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

بقیہ 30

ایم این اے چودھری نذیر جٹ، ڈاکٹر عارفہ نذیر، سابق صوبائی وزیر راجہ محمد بشارت، بار رضوان اور مقصود سلہری نے ملاقات کی۔

بقیہ 31

آپ نے بھی تاریخ میں سرچ وارنٹ کی ایسی تعمیل دیکھی ہے؟ گھروں کے دروازے توڑے گئے، کون نہیں جانتا کہ پولیس کیسے کیسے ہتھکنڈے استعمال کرتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے اتوار کے دن جلسے کو صرف پی ایس ایل کیلئے مؤخر کیا تھا، عمران خان کا چھٹا جلسہ مینار پاکستان میں ہونے جا رہا ہے، لاہور کے لوگوں سے بدھ کو جلسے میں آنے کی گزارش کرتا ہوں، مجھے نہیں اندازہ کہ ہم میں سے کون جلسے والے دن اندر اور کون باہر ہوگا، تقریر ہو یا نہ ہو سٹیج لگے یا نہ لگے عوام کی موجودگی فیصلہ کریگی۔ شاہ محمود قریشی نے مزید کہا کہ اسحاق ڈار کو ملک کے ایٹمی اثاثوں کو زیر بحث لانے کی ضرورت کیوں پیش آئی، دفتر خارجہ کا بیان ناکافی ہے، عالمی دنیا میں وزیراعظم کو بیان دینا چاہیے، پاکستانی ایٹمی اثاثوں کا ذکر نہیں ہونا چاہیے، قوم اس حوالے سے سوال کرتی ہے۔ پی ٹی آئی رہنماء کا کہنا ہے کہ الیکشن وقت پر نہ ہوئے تو سپریم کورٹ کے احکامات کی توہین ہوگی، آئینی حقیقت کو تسلیم کرنا ہوگا اور الیکشن 30 اپریل کو ہی ہونا چاہیے۔

بقیہ 32

مریضوں کا مفت علاج کروائے، جینے اور مرنے کا فیصلہ معاشی صورتحال کی بنیاد پر نہیں ہونا چاہیے۔ وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ آج این آئی سی وی ڈی دنیا کا سب سے بڑا امراض قلب کا علاج کرنے والا ہسپتال بن چکا ہے، حیدر آباد اور لاڑکانہ میں بھی این آئی سی وی ڈی کے سیٹلائٹ سینٹر قائم کیے، حکومت سندھ کی جانب سے دل کا مفت علاج کرایا جا رہا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ این آئی سی وی ڈی بھارت کے کسی بھی ہسپتال سے مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہے، گزشتہ کئی برس سے لوگ باتیں کر رہے ہیں پیپلز پارٹی نے کیا کیا ہے؟ این آئی سی وی ڈی مخالفین کے لئے منہ توڑ جواب ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری، غربت عروج پر ہے، ان حالات میں سندھ میں رہنے والوں کے لئے یہ ایک تحفہ ہے، جو صحت کا علاج پنجاب اور خیبر پختونخوا میں ہوتا ہے وہ صرف پیسے کے لئے ہوتا ہے، سندھ میں انسانیت کی خدمت کے لئے مفت علاج کیا جاتا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ پنجاب، خیبر پختونخوا میں صحت کارڈ کے نام پر ایک دھوکہ چل رہا ہے، عوام کا پیسہ ہسپتالوں پر لگانے کے بجائے نجی انشورنس کمپنیوں کو مل رہا تھا، سیاسی لڑائی پارلیمان میں یا انتخابات ہونی چاہیے، کچھ سیاسی جماعتوں سے درخواست ہے کہ وہ نفرت اور تقسیم کی سیاست چھوڑ دیں۔ وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ جو پاکستان کی تباہی میں آپ کا کا کردار رہا وہ تاریخ کا حصہ ہے، پاکستان ایک معاشی، سیاسی اور آئینی بحران سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کو بلدیاتی نمائندوں سے محروم رکھا جا رہا ہے، پیپلز پارٹی پر الزام لگاتے تھے پیپلز پارٹی بلدیاتی انتخابات نہیں چاہتی، اب جواب دو اب کون روک رہا ہے؟ ان سے ہضم نہیں ہو رہا کہ پیپلز پارٹی کا میئر ہوگا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے 18 اپریل کی تاریخ دی ہے اور کہا 30 اپریل کو اپنا نمائندہ منتخب کریںگے، ہم مسترد کرتے ہیں، انہوں نے وزیراعلی سندھ اور مرتضی وہاب کو ہدایت جاری کی کہ وہ فوری سندھ ہائی کورٹ جائیں، الیکشن شیڈول کے اعلان کو چیلنج کریں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ انشااللہ جلد میئر ہمارا ہوگا، ہم نے بلدیاتی الیکشن کرائے اور اب میئر بننے سے کون روک رہا ہے، کچھ قوتیں برداشت نہیں کر رہیں کہ پیپلز پارٹی کا میئر ہو، اب ہمارے مینڈیٹ پر ڈاکہ مارا جارہا ہے۔

بقیہ 33

بجے سے 10 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہتی ہے۔ لانڈھی میں صبح 10 سے ایک بجے، دوپہر ڈھائی سے ساڑھے 5 بجے، شام 7 سے رات ساڑھے 10 اور رات ساڑھے 11 بجے سے ایک بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہتی ہے۔ لیاقت آباد کے مکینوں نے بتایا کہ صبح ساڑھے 9 بجے سے 12 بجے تک، دن ایک بجے سے دوپہر ساڑھے 3 بجے، شام ساڑھے 6 بجے سے ساڑھے 8 بجے اور رات 11 بجے سے رات ساڑھے بارہ بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہتی ہے۔ علاوہ ازیں نیو کراچی، سرجانی ٹاؤن، تیسر ٹاؤن خدا کی بستی، گلشن معمار، بلدیہ ٹاؤن کے مختلف علاقے، گولیمار، گلبہار، گارڈن، سولجر بازار، سٹی ریلوے کالونی، صدر اور اولڈ سٹی ایریا، جمشید کوارٹر، مارٹن کوارٹر، مہاجر عثمانیہ کالونی میں بھی بجلی کی فراہمی اور معطلی کا سلسلہ جاری ہے۔ بجلی کی طویل اور بار بار بندش کے باعث شہر کے بیشتر علاقوں میں پانی کی بھی قلت پیدا ہو جاتی ہے، جس سے شہری بلبلا اٹھتے ہیں۔ سروے کے دوران مارٹن کوارٹرز کے مکینوں نے ایکسپریس سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ رات 2 بجے سے صبح 7 بجے تک بجلی کی عدم فراہمی سب سے زیادہ اذیت ناک ہے کیوں کہ وہی سونے کا وقت ہے جب کہ سخت گرمی اور مچھروں کی بہتات کے باعث گھر کی چھت پر سونا بھی ممکن نہیں۔ کئی علاقوں کے مکینوں نے بتایا کہ رات بھر بجلی نہ ہونے کے باعث صبح دفتر اور بچوں کو اسکول جانے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے جب کہ وقت کی کمی کی وجہ سیا کثر ناشتے سے بھی محروم رہتے ہیں۔ شہریوں نے بجلی کے بھاری بل ادا کرنے کے باوجود لوڈشیڈنگ میں طویل اضافے کے خلاف حکومت اور بجلی فراہم کرنے والی کمپنی کے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بلاجواز علانیہ وغیر علانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ ختم کیا جائے، تاکہ شہری سکون سے معلومات زندگی جاری رکھ سکیں اور ساتھ ہی کاروباری سرگرمیوں میں پیش آنے والی رکاوٹ دور ہوسکے۔

بقیہ 34

وکٹم سپورٹ آفیسر سے ٹرانسجینڈر کے حقوق اور تحفظ رپورٹنگ سینٹر و خدمت مرکز پر فراہم کی جانے والی سہولیات کے متعلق سوالات کیے، وکٹم سپورٹ آفیسر لہر مرزا نے سوالات کے جواب دیتے ہوئے وفد کو تحفظ سینٹر پر فراہم کی جانے والی سہولیات اور ٹرانسجینڈر کے حقوق کے بارے میں مفصل بریفنگ دی، ٹرانسجینڈر معاشرے کا ایسا محروم طبقہ ہے جنہیں اپنے حقوق حاصل کرنے کے لیے ہر سطح پر مسائل کا سامنا ہے لہذا ٹرانسجینڈر کے حقوق کے تحفظ کے لیے الگ سے ایک سینٹر قائم کیا گیا ہے، تحفظ سینٹر بہت بہترین سہولت ہے جسے اب دوسرے اضلاع میں بھی شروع کیا جا رہا ہے، ٹرانسجینڈر رکیمونٹی کا کہنا تھا کہ پنجاب بھر میں تحفظ مراکز کا قیام خوش آئند ہے، ہمیں تحفظ سینٹر کے قیام سے حقیقت میں تحفظ ملا۔

بقیہ 35

کہہ دیں گے، آپ اس سائیڈ پر دھا کا کردیجیے گا، مجھ میں حوصلہ ہے، برداشت کرسکتا ہوں، مجھے کنفوژ یا پریشان نہیں ہونا۔ جواب میں خواجہ طارق رحیم کہتے ہیں کہ مجھے بتا دیجئے گا، جیسا کہیں گے ہوجائے گا۔ یادرہے کہ اس سے قبل بھی سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کی ایک مبینہ آڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی تاہم انہوں نے کہا کہ یہ آڈیو کلپ جعلی ہے۔

بقیہ 36

ملوث لالی گینگ کے سرغنہ کو 03 ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ عطاء اللہ، بخت منیر، وقار علی اور داؤد شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 2 لاکھ 40 ہزار روپے، 05 موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان رتہ امرال میں راہزنی کے مقدمات میں اشتہاری بھی ہیں، ملزمان کو متعدد وارداتوں کے انکشاف پر شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا جارہا ہے، ملزمان کی گرفتاری پر ایس پی راول فیصل سلیم نے رتہ امرال پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی کوانکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 37

خصوصی تھے۔ اس موقع پر کھلاڑیوں نے مارچ پاسٹ کیا جبکہ بچوں نے جمناسٹک اور ٹگ آف وار سمیت مختلف ٹیبلوز کا مظاہرہ کیا۔ مقامی فنکاروں نے روایتی خٹک، محسود اور چترالی رقص بھی پیش کیے اور بینڈ نے مختلف روایتی گیت پیش کئے۔ فیسٹیول میں 971 ٹیموں میں سکولوں، مدارس اور کالجوں کے 9375 کھلاڑیوں نے مختلف کھیلوں کی سرگرمیوں میں حصہ لیا جن میں کرکٹ، فٹ بال، ہاکی، والی بال، ٹیبل ٹینس، ایتھلیٹکس، بیڈمنٹن، سائیکلنگ، برفانی کھیلوں کی مختلف سرگرمیاں اور کرکٹ اور جبیل چیبر کے میچ شامل تھے۔ اختتامی تقاریب میں اضلاع کے نوجوانوں، مقامی عمائدین، اعلی سول وعسکری حکام اور دیگر مہمانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ضلع خیبر میں منعقدہ اختتامی تقریب میں آئی جی ایف سی نارتھ نے بہترین ٹیموں اور کھلاڑیوں میں انعامات اور ٹرافیاں تقسیم کیں اور جمرود اسپورٹس کمپلیکس کے ریفیرنگ کے لئے 20 لاکھ روپے دینے اعلان بھی کیا۔ فیسٹول قبائلی اضلاع کے نوجوانوں میں کھیل کود اور صحت مندانہ مقابلے کو فروغ دینے میں ایک بڑی کامیابی ہے۔ اس نے علاقوں کے مختلف حصوں سے نوجوان کھلاڑیوں کو ایک ساتھ آنے، اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے اور دوستانہ ماحول میں مقابلہ کرنے کا موقع فراہم کیا۔ فیسٹول نے نہ صرف کھیلوں کو فروغ دیا ہے بلکہ خیبر پختونخواہ کے مختلف اضلاع سے آنے والے شرکا کے درمیان اتحاد کا احساس پیدا کرنے میں بھی مدد کی ہے۔

بقیہ 38

گجمنڈی پولیس نے ملزم عبدالرحمان سے 08 لیٹر شراب، ملزم ظہیر سے 05 لیٹر شراب، ویسٹریج پولیس نے ملزم نجف سے 15 چنگیں، ائیرپورٹ پولیس نے ملزم عثمان سے 22 چنگیں برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ قانون شکن عناصر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے گی۔

بقیہ 39

ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، خواتین اور بچوں پر تشدد، زیادتی اور ہراسمنٹ نا قابل برداشت ہے، اس حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی کو یقینی بنایا جار ہا ہے

بقیہ 40

میں گینگ کا سرغنہ ذیشان اور اقبال شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 38000 روپے، موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان سے مال مسروقہ کی برآمدگی شناخت پریڈ کے بعد کی گئی، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے واہ کینٹ پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان ومال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 41

فلاح وبہبود کے لئے کوشاں جبکہ پی ٹی آئی انتشاری سیاست کو فروغ دے رہی ہے۔

بقیہ 42

سزا دلوائی جاسکتی ہے، ایس ایس پی انوسٹی گیشن۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ میں ایس ایچ اوز اور اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے لیے تشکیل دی جانے والی ٹیموں کے افسران وجوانوں نے شرکت کی، ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے کہا کہ مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری پر فوکس کیا جائے، اشتہاریوں کی گرفتاری پر فردا فردا اور تھانہ کی سطح پر پراگرس کا جائزہ لیا جائے گا، سنگین مقدمات کے اشتہاریوں کی گرفتاری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، بہترین تفتیش اور موثر پیروی مقدمات سے ہی ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوائی جاسکتی ہے، اشتہاری مجرمان کی گرفتاری میں بہترین کارکردگی والے افسران کو انعام دیا جائے گا، غفلت اور کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 43

مثبت کیسز کے حوالے سے لاہور میں 435 ٹیسٹوں میں 18 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر شرح 4.14 فیصد رہی، اسی طرح اسلام آباد میں 205 ٹیسٹوں میں 25 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور شرح 12.20 فیصد رہی جبکہ گجرات میں کیے گئے 120 ٹیسٹوں میں سے ایک فرد کا ٹیسٹ مثبت آیا اور ہاں پر مثبت کیسوں کی شرح 0.83 فیصد رہی۔

بقیہ 44

راولپنڈی، اٹک، چکوال، جہلم، گوجرانوالہ، گجرات، حافظ آباد، منڈی بہاو?الدین، سیالکوٹ، نارووال، فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جھنگ، قصور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، خوشاب، میانوالی، سرگودھا، ملتان، ڈیرہ غازی خان، بھکر، لیہ، کوٹ ادو، خانیوال، ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن اور بہاولپور میں تیز ہواو?ں اور گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش اور ژالہ باری کا امکان ہے۔ پی ڈی ایم اے کی جانب سے جاری کردہ ایڈوائزری میں بتایا گیا ہے کہ تیز بارش کے باعث لاہور، اسلام آباد اور راولپنڈی میں نشیبی علاقے زیرآب آنے کا خدشہ ہے اور 22 سے 24 مارچ کے دوران موسلا دھار بارشوں کے باعث ڈی جی خان، اسلام آباد، راولپنڈی کے مقامی ندی نالوں میں طغیانی کا بھی خطرہ ہے۔ پی ڈی ایم اے کی جانب سے بتایا گیا کہ تیز ہواں اور ژالہ باری کے باعث کھڑی فصلوں اور کمزور انفرسٹرکچر کو نقصان پہنچ سکتا ہے، تیز بارش کے باعث مری میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ بھی موجود رہے گا۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے نے بتایا کہ بارش کے دوران دن کے درجہ حرارت میں ممکنہ کمی کا امکان ہے انہوں نے مسافر حضرات سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے بچنے کے لیے انتہائی محتاط رہیں اور ہنگامی صورتحال میں مدد کے لیے پی ڈی ایم اے کی ہیلپ لائن 1129 پر کال کریں تاکہ آپکی بروقت مدد کو یقینی بنایا جاسکے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے نے مزید کہا کہ تمام متعلقہ ادارے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مشینری اور عملے کو 24/7 الرٹ رکھیں۔

بقیہ 45

خان کو 22 مارچ کو لاہور میں جلسے کی اجازت دینے کا فیصلہ کرلیا ہے، نگران پنجاب حکومت کے مطابق لاہور میں توڑ پھوڑ کی اجازت نہیں دی جائے گی، جبکہ عمران خان کو صرف بطور سابق وزیراعظم سکیورٹی دی جائے گی۔ یادرہے کہ تحریک انصاف نے ایک بار پھر مینار پاکستان پر جلسے کی درخواست دے رکھی ہے۔ تحریک انصاف نے منگل کو مینار پاکستان پر جلسہ کرنے کا فیصلہ کیا، تحریک انصاف نے جلسے کی اجازت کیلئے درخواست ڈپٹی کمشنر کو جمع کروائی، تحریک انصاف نے ضلعی انتظامیہ کو جلسہ کی سیکیورٹی کلیئرنس کیلئے بھی درخواست دی، سیکیورٹی کلیئرنس کی درخواست پی ٹی آئی وکلاونگ کی طرف سے جمع کروائی گئی، درخواست میں کہا گیا کہ مینار پاکستان پر جلسہ کرنا چاہتے ہیں، آئی جی اور چیف سیکرٹری سے پی ٹی آئی وفد کی ملاقات میں بھی جلسے کا ذکر کیا تھا۔ خیال رہے کہ اس سے پہلے عمران خان نے مینار پاکستان پر 19 مارچ کو جلسہ عام کے انعقاد کا اعلان کیا تھا لیکن ضلعی انتظامیہ نے پی ٹی آئی کو مینار پاکستان پر جلسے کی اجازت دینے سے انکار کیا اور ڈی سی لاہور نے تحریک انصاف کو جلسے کی درخواست مسترد کرنے کے فیصلے سے آگاہ کیا۔ جبکہ لاہور ہائی کورٹ نے بھی پاکستان تحریک انصاف کو اتوار کے روز مینار پاکستان پر جلسہ کرنے سے روک دیا تھا، جسٹس طارق سلیم شیخ نے پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کی دفعہ 144 کے نفاذ کے خلاف درخواست پر سماعت کی، حماد اظہر کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ الیکشن شیڈول جاری ہونے کے بعد دفعہ 144 نافذ نہیں کی جاسکتی۔

بقیہ 46

کے باعث ایک لاکھ 97 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا ہے۔ مزید برآں شہر کے داخلی راستوں پر ناکے لگا کر 34 دودھ بردار گاڑیوں کا معائنہ کیا اور موقع پر لیے گئے نمونوں کے ناقص نتائج آنے پر ایک سپلائر کو 3 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے سرگودھا میں 185 لٹر دودھ، 27 لٹر کولڈ ڈرنکس، 2 درجن خراب انڈے، 4 کلو کیچ اپ اور 4 کلو مٹھائی تلف کی ہے جبکہ حفظان صحت کے انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے 94 فوڈ پوائنٹس کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے ہیں جن پر عمل نہ ہونے کی صورت میں سخت قانونی کارروائی کی جائیگی۔

بقیہ 47

پھاڑے گئے، پولیس کی گاڑیاں جلائی گئیں، پٹرول بم پھینکے گئے۔ اب اس دہشت گرد کو پتہ چل گیا ہے کہ اسکی دہشت گردی پر قانون حرکت میں آئے گا تو اب اکسانا یاد آ گیا۔ ریاست پر حملہ کرنے، درجنوں پولیس والوں کے سر پھاڑنے، پولیس کی گاڑیاں جلانے، پٹرول بم چلانے اور ضمانت پارک سے تربیت یافتہ دہشت گرد برآمد ہونے کے بعد اس کو امن کا بھاشن یاد آ گیا

بقیہ 48

خانہ کی دستاویزات سے سب کے کرتوت عیاں ہو چکے ہیں، سب اس حمام میں ننگے ہیں، نیب زدہ سیاست دانوں نے اقتدار لے کر نیب کے پر کاٹ کر اپنا راستہ صاف کرلیا ہے، عدلیہ، اسٹیبلشمنٹ اور الیکشن کمیشن تقسیم ہے، آدھے پی ڈی ایم اور آدھے پی ٹی آئی کے ساتھ ہیں، جماعت اسلامی ہر کرپشن سے پاک ہے۔ سراج الحق نے مزید کہا کہ پی ڈی ایم اور پی ٹی آئی حکمران عالمی اسٹیبلشمنٹ کے ایجنٹ ہیں، بزدل حکمرانوں نے پاکستان کو امریکا کی غلامی میں دے دیا ہے، سیلاب، کورونا جیسی ہر مصیبت میں صرف جماعت اسلامی نے فرنٹ پر کردار ادا کیا، میں نے اپنے ہاتھوں سے 78 کورونا زدہ لاشوں کو دفن کیا، پی ٹی آئی حکومت نے وعدے پورے نہیں کیے۔ امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ شہباز شریف کہتا تھا کہ زرداری کو سڑکوں پر گھسیٹوں گا، سب نے دیکھا یہ مفادات کیلئے ایک ہیں، پی ڈی ایم اور پی ٹی آئی کا احتساب صرف جماعت اسلامی کرے گی، مریم جھوٹ بولتی ہے یہ حکومت میری نہیں، جماعت اسلامی ملک میں نظام مصطفیٰ لائے گی۔

بقیہ 49

کیا، صدر واہ پولیس نے ڈرائیور ولی خان کو گرفتار کرکے 1250 تھیلے آٹا برآمد کیا، مندرہ پولیس نے ڈرائیور صالح الرحمن کو گرفتار کرکے 1100 تھیلے آٹا برآمد کیا، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 50

شخصیات کا اظہار تعزیت چند روز قبل مرحومہ مغفورہ کا انتقال ہوگیا تھا ان کے ایصال ثواب کیلئے دعا فاتحہ خوانی بھی کی گئی

بقیہ 51

معروف ماہر تعلیم پرنسپل میڈم سفینہ فہیم کیانی نے انوویٹرز سکول دولتالہ میں ہر سال کی طرح اس سال بھی تقریب تقسیم انعامات کا پروگرام منعقد کیا جس میں پوزیشن ہولڈرز طالب علموں میں کپ اور انعامات تقسیم کیے گے صدر و جنرل سیکرٹری مرکزی پریس کلب صدیق کیانی راجہ اخلاق احمد عامر مقبول چوہدری فہیم کیانی سکول کی پرنسپل اور ٹیچرز و دیگر نے بچوں میں انعامات تقسیم کیے خطابات میں کہا گیا کہ علاقے میں تعلیمی خدمات کا اعتراف کرتے ہیں اور یہ تعلیمی ادارہ بچوں پر انتہائی محنت کر رہا ہے بچوں کے مستقبل کو محفوظ کر رہے ہیں پرائیوٹ تعلیمی ادارے اصل میں سرکاری تعلیمی اداروں کے معاون ہیں اور بہترین کارکردگی پر انوویٹرز سکول دولتالہ کی پرنسپل میڈم سفینہ فہیم کیانی و جملہ سٹاف کو اور تمام۔ پوزیشن ہولڈرز بچوں کو مبارکباد پیش کی گیا اور نیک خواہشات کا اظہا کیا

بقیہ 52

ناروا سلوک ایسے سمجھا جائے گا، جیسے مجھ سے ناروا سلوک ہوا، ہفتہ وار چھٹی کا شیڈول بنا کر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ہر جوان کو ہفتہ وار چھٹی ضرور ملنی چاہیے، ہفتہ وار چھٹی کے علاوہ باقی تمام پولیس افسران تھانوں میں موجود رہیں گے، تھانوں کے کچن آپریشنل کرکے 30 دنوں میں تھانوں کا میس چلنا چاہیے، تھانہ میں صفائی اور بلڈنگ کی مرمت بہتر ہونی چاہیے، محرر آفس میں ریکارڈ سالانہ ترتیب سے لگا ہوا ہو، اپنے ورک اسٹیشن کو دستیاب وسائل میں بہترین بنائیں، محرر اور ریڈر اہم پوسٹ ہے آپ ذمہ داری سے کام کرکے فورس کی کارکردگی بہتر بنا سکتے ہیں

این آئی سی وی ڈی ہسپتال مخالفین کیلئے منہ توڑ جواب ہے، بلاول بھٹو

18 ویں ترامیم کیوقت این آئی سی وی ڈی چندے پر چلتا تھا، 2015 سے این آئی سی وی ڈی کو سندھ حکومت چلا رہی ہے، وزیر خارجہ

بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آج لانڈھی میں ایک نئے ادارے کی بنیاد رکھ رہا ہوں، دل کے مفت علاج کیلئے نیا ہسپتال قائم کررہے ہیں

کراچی (سٹاف رپورٹر) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ این آئی سی وی ڈی ہسپتال مخالفین کے لئے منہ توڑ جواب ہے، پنجاب کے ہر ضلع میں تلاش کریں سکھر کی طرح کا این آئی سی وی ڈی ادارہ نہیں ملے گا۔ ذوالفقار بھٹو انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز کی سنگ بنیاد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترامیم کیوقت این آئی سی وی ڈی چندے پر چلتا تھا، 2015 سے این آئی سی وی ڈی کو سندھ حکومت چلا رہی ہے، 2015 سے این آئی سی وی ڈی مفت علاج کی سہولیات دے رہا ہے، کسی غریب کو علاج سے منع نہیں کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آج لانڈھی میں ایک نئے ادارے کی بنیاد رکھ رہا ہوں، دل کے مفت علاج کیلئے نیا ہسپتال قائم کررہے ہیں، پوری دنیا میں کوئی ایسا ہسپتال موجود نہیں جو اس تعداد میں (بقیہ نمبر 32)

لاہور: ضمانت پارک سے دہشتگرد برآمد ہونے کے بعد عمران خان کو امن کا بھاشن یاد آ گیا: مریم نواز

PTI کا جلسہ حکومت کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگا، پرویز الٰہی

پی ٹی آئی رہنماں کے گھروں پر غیر قانونی چھاپوں سے دراصل حکمرانوں کی گھبراہٹ ظاہر ہو رہی ہے، مرکزی صدر تحریک انصاف

خیبر پختونخواہ کیعوام کو بدنام کرنے پر شرم آنی چاہیے، مریم نواز دوسروں پر تنقید کرنے سے پہلے اپنے گھر کو ٹھیک کریں

لاہور (نامہ نگار) سابق وزیر اعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ انشا اللہ 22 مارچ کو پی ٹی آئی کا جلسہ حکومت کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگا۔ پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ پی ٹی آئی رہنماں کے گھروں پر غیر قانونی چھاپوں سے دراصل حکمرانوں کی گھبراہٹ ظاہر ہو رہی ہے، مریم نواز صوبوں کے درمیان نفرت پیدا نہ کریں۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ خیبر پختونخواہ کیعوام کو بدنام کرنے پر شرم آنی چاہیے، مریم نواز دوسروں پر تنقید کرنے سے پہلے اپنے گھر کو ٹھیک کریں۔ انہوں نے کہا کہ محسن نقوی کو ابھی تک زمان پارک کے ڈرانے خواب آ رہے ہیں، انہیں زمان پارک پر حملہ کرنے کا سبق مل گیا ہوگا، اگر نہیں ملا تو مل جائیگا، حکومت ایسی غلطی پھر نہ دہرائے۔ دریں اثنا چودھری پرویز الٰہی سے سابق (بقیہ نمبر 30)

لاہور: حالات کیسے بھی ہوں ظلم کے آگے نہیں جھکوں گا: عمران خان کی پرویز الٰہی سے گفتگو

معلوم نہیں بدھ کے جلسے میں کون اندر اور کون باہر ہوگا، قریشی

الیکشن وقت پر نہ ہوئے تو سپریم کورٹ کے احکامات کی توہین ہوگی، پی ٹی آئی رہنماء

اسلام آباد پولیس نے رات گئے تحریک انصاف کے رہنماؤں کے گھروں پر چھاپے مارے

لاہور (غلام عباس سے) شاہ محمود قریشی نے عوام سے بدھ کے جلسے میں بھرپور شرکت کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے نہیں پتہ اس دن کون اندر اور کون باہر ہوگا، عوام کی موجودگی فیصلہ کرے گی، الیکشن وقت پر نہ ہوئے تو سپریم کورٹ کے احکامات کی توہین ہوگی۔ ایوان عدل لاہور میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنماء شاہ محمود قریشی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم دیکھ رہی ہے کہ اسلام آباد پولیس نے رات گئے تحریک انصاف کے رہنماؤں کے گھروں پر چھاپے مارے، (بقیہ نمبر 31)

کراچی؛ شوہر کے ہاتھوں 2 بچیوں کی ماں قتل

شوہر کوئی کام نہیں کرتا تھا، مقتولہ ملازمت کر کے اپنا اور بچیوں کا گزر بسر کرتی تھی

کراچی میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 12 گھنٹے سے متجاوز، شہری ذہنی اذیت سے دوچار

کراچی (کرائم رپورٹر) شہر قائد میں گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی بجلی کی علانیہ و غیر علانیہ لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 12 گھنٹے سے بھی زائد ہوگیا ہے، جو شہریوں اور خصوصاً کاروباری طبقے کے لیے شدید ذہنی اذیت کا سبب بن رہا ہے۔ موسم گرما کا آغاز ہوتے ہی شہر کے بیشتر علاقوں میں پہلے سے جاری لوڈشیڈنگ کا وقت 10 سے 12 گھنٹے اور کچھ علاقوں میں اس سے بھی تجاوز کر گیا ہے۔ ایک سروے کے مطابق محمود آباد میں رات 2 سے صبح 6، صبح 8 سے 10، دوپہر 3 سے 5 اور رات 8 (بقیہ نمبر 33)

کراچی: بلدیاتی الیکشن شیڈول کو مسترد کرتے ہیں، ہائیکورٹ میں چیلنج کرینگے، بلاول بھٹو

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث لالی گینگ کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) رتہ امرال پولیس کی اہم کاروائی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث لالی گینگ کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار، مسروقہ رقم 2 لاکھ 40 ہزار روپے، 05 موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں (بقیہ نمبر 36)

ٹرانسجینڈر کمیونٹی کے وفد کا ٹرانسجینڈر تحفظ سینٹر کا دورہ

ہمیں تحفظ سینٹر کے قیام سے حقیقت میں تحفظ ملا، ٹرانسجینڈر کمیونٹی

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) ٹرانسجینڈر کمیونٹی کے وفد کا ٹرانسجینڈر تحفظ سینٹر کا دورہ، وکٹم سپورٹ آفیسر نے ٹرانسجینڈر کو تحفظ سینٹر کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں بریفنگ دی، ہمیں تحفظ سینٹر کے قیام سے حقیقت میں تحفظ ملا، ٹرانسجینڈر کمیونٹی۔ تفصیلات کے مطابق ٹرانسجینڈر کمیونٹی کے وفد نے ٹرانسجینڈر تحفظ سینٹر کا دورہ کیا، تحفظ سینٹر کے دورے کے دوران وکٹم سپورٹ آفیسر لہر مرزا نے ٹرانسجینڈر کو تحفظ سینٹر کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں بریفنگ دی، وفد کے ممبران نے (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں

07 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور پتنگیں برآمد، مقدمات درج

قانون شکن عناصر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے گی، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں، 07 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور پتنگیں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے ملزم شہباز سے 200 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم سمیع سے 605 گرام چرس، ملزم منیر زمان سے 01 کلو 360 گرام چرس، گنجمنڈی پولیس نے ملزم عبدالرحمان سے 08 لیٹر شراب، ملزم ظہیر سے 05 لیٹر شراب، ویسٹریج پولیس نے ملزم نجف سے 15 پتنگیں، ائیر پورٹ پولیس نے ملزم عثمان سے 22 پتنگیں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ قانون شکن عناصر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے گی۔ مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے ملزم شہباز سے 200 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم سمیع سے 605 گرام چرس، ملزم منیر زمان سے 01 کلو 360 گرام چرس، (بقیہ نمبر 38)

یہ خاتون جو بول رہی ہے اسکو اچھی طرح کوئی جواب دینا چاہیے، خواجہ طارق رحیم

سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کی ایک اور مبینہ آڈیو منظر عام پر آ گئی

جواب میں خواجہ طارق رحیم کہتے ہیں کہ مجھے بتا دیجئے گا، جیسا کہیں گے ہو جائے گا

اسلام آباد (رانا فہد سے) سابق چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان ثاقب نثار کی ایک اور مبینہ آڈیو منظر عام پر آ گئی۔ آڈیو میں وکیل خواجہ طارق رحیم نے کسی کا نام لیے بغیر کہا کہ یہ خاتون جو بول رہی ہے اسکو اچھی طرح کوئی جواب دینا چاہیے۔ ثاقب نثار نے کہا جب ضرورت پیش آئی تو آپ سے کہہ دیں گے، آپ اس سائیڈ پر دھاکا کر دیجیے گا، مجھ میں حوصلہ ہے، برداشت کر سکتا ہوں، مجھے کنفیوژ یا پریشان نہیں ہونا۔ جواب میں خواجہ طارق رحیم کہتے ہیں کہ مجھے بتا دیجئے گا، جیسا کہیں گے ہو جائے گا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کی ایک مبینہ آڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی تاہم انہوں نے کہا کہ یہ آڈیو کلپ جعلی ہے۔ سابق چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان ثاقب نثار کی ایک اور مبینہ آڈیو منظر عام پر آ گئی۔ آڈیو میں وکیل خواجہ طارق رحیم نے کسی کا نام لیے بغیر کہا کہ یہ خاتون جو بول رہی ہے اسکو اچھی طرح کوئی جواب دینا چاہیے۔ ثاقب نثار نے کہا جب ضرورت پیش آئی تو آپ سے (بقیہ نمبر 35)

سپورٹس فیسٹیول 2023 دیر، چترال اور قبائلی اضلاع باجوڑ، مہمند اور خیبر میں بڑے جوش و خروش کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) ضلعی انتظامیہ اور سکیورٹی فورسز کے اشتراک سے یکم فروری سے شروع ہونے والا پاکستان سپورٹس فیسٹیول 2023 دیر، چترال اور قبائلی اضلاع باجوڑ، مہمند اور خیبر میں بڑے جوش و خروش کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ اختتامی تقریبات متعلقہ اضلاع میں منعقد ہوئیں جن میں انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور نارتھ میجر جنرل نور ولی خان ضلع خیبر کی اختتامی تقریب کے مہمان (بقیہ نمبر 37)

یوتھ آرگنائزیشن کے نوجوان پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں، رہنما پی وائی او عرفان آفریدی

پشاور (جنرل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی یوتھ آرگنائزیشن کے ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری عرفان آفریدی نے کہا ہے کہ یوتھ آرگنائزیشن کے نوجوان پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور دیگر قیادت کی نگرانی میں عوام کی بلاتفریق خدمت کا سفر جاری رہے گا۔ اپنے ایک جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کی (بقیہ نمبر 41)

زنیرہ اظفر کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ

مجرمان کی گرفتاری کے لیے تشکیل دی جانے والی ٹیموں کے افسران و جوانوں کی شرکت

راولپنڈی (خبر نگار) ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ، میٹنگ میں ایس ایچ اوز اور اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے لیے تشکیل دی جانے والی ٹیموں کے افسران و جوانوں کی شرکت، مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری پر فوکس کیا جائے، اشتہاریوں کی گرفتاری پر فرداً فرداً اور تھانہ کی سطح پر پراگرس کا جائزہ لیا جائے گا، سنگین مقدمات کے اشتہاریوں کی گرفتاری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، بہترین تفتیش اور موثر پیروی مقدمات سے ہی ملزمان کو قرار واقعی (بقیہ نمبر 42)

ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 100 نئے کیس رپورٹ

گجرات میں کئے گئے 120 ٹیسٹوں میں سے ایک فرد کا ٹیسٹ مثبت آیا اور ہاں پر مثبت کیسوں کی شرح 0.83 فیصد رہی

مثبت شرح 3.18 فیصد رہی اور اس دوران کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا تاہم 18 کی حالت تشویشناک

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 100 نئے کیس رپورٹ ہوئے ہیں جن میں سے 18 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے پیر کو قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 3 ہزار 147 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 100 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے، مثبت شرح 3.18 فیصد رہی اور اس دوران کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا تاہم 18 کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے مختلف شہروں میں کئے گئے کورونا ٹیسٹ اور (بقیہ نمبر 43)

کراچی: کمشنر کراچی نے رمضان المبارک کیلئے اشیائے خورونوش کی قیمتیں مقرر کر دیں

واہ کینٹ پولیس کی اہم کاروائی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ذیشان گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) واہ کینٹ پولیس کی اہم کاروائی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ذیشان گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار، مسروقہ رقم 38000 روپے، موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ذیشان گینگ کے سرغنہ کو ساتھی سمیت گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان (بقیہ نمبر 40)

13 سالہ بچی سے نازیبا حرکات اور زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار، ٹیکسلا پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) ٹیکسلا پولیس کی فوری کاروائی، 13 سالہ بچی سے نازیبا حرکات اور زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس کو متاثرہ بچی کی والدہ نے درخواست دی کہ ملزم ناصر نے اس کی بیٹی کے ساتھ نازیبا حرکات کیں اور زیادتی کرنے کی کوشش کی، ٹیکسلا پولیس نے متاثرہ بچی کی والدہ کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے ملزم ناصر کو گرفتار کر لیا، (بقیہ نمبر 39)

چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار

اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ایس پی راول

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) راول ڈویژن پولیس کاروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم محمد احمد دین کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم گزشتہ سال سے گنجمنڈی پولیس کو مطلوب تھا، تھانہ سٹی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم آفتاب کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم سال 2019 سے تھانہ سٹی پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

ٹیم MC20 چیرمین جہانزیب خان، شہزادہ اکبر مانی، کونسلر فاروق مغل، کونسلر عمر رانجھا، نوید رانجھا، نعیم کشمیری، حاجی ریاست، یاسین مغل، ملک تصور، ملک جمیل، ماسٹر وحید، کے ساتھ چوہدری حامد حمید ایم این اے وفاقی پارلیمانی سیکرٹری کو عمرہ ادائیگی پر مبارکباد دیتے ہوئے

نجی کیبل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ فائبر سروس کی بلڈنگ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

بلڈنگ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی آگ لگنے کے باعث تمام تر مشینری جل کر خاکستر ہو

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ڈگری میں نجی کیبل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ فائبر سروس کی بلڈنگ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی آگ لگنے کے باعث کروڑوں روپے کا نقصان ڈگری میں اسسٹنٹ کمشنر آفس روڈ الفضل پلازہ میں قائم نجی کیبل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ سروس کی بلڈنگ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی آگ لگنے کے باعث تمام تر مشینری جل کر خاکستر ہوگئی کیبل نیٹ ورک کے اونر راجہ ساگر کے مطابق رات گئے اطلاع ملی کے کیبل میں آگ بھڑک اٹھی ہے اطلاع پر فوراً پہنچے اور فائبر بریگیڈ طلب کی فائر بریگیڈ کے عملے نے بڑی جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پالیا مگر تب تک تمام مشینری جل کر راکھ کا ڈھیر بن چکی تھی راجہ ساگر کے مطابق آتشزدگی کے باعث تین سے چار کروڑ روپے کا نقصان ہوا ہے کیبل نیٹ ورک اونر کے مطابق آگ لگنے کی وجوہات معلوم نہ ہوسکی تاحال پولیس ہر پہلو سے تحقیقات کر رہی ہے اور شواہد اکھٹے کئے جا رہے ہیں۔

ضمانت پارک سے دہشتگرد برآمد ہونے کے بعد عمران خان کو امن کا بھاشن یاد آگیا، مریم نواز

اب اس دہشت گرد کو پتا چل گیا کہ اس کی دہشتگردی پر قانون حرکت میں آئے گا تو اب اسے اکسانا یاد آ گیا، سینئر نائب صدر ن لیگ

پولیس کی گاڑیاں جلانے، پیٹرول بم چلانے اور ضمانت پارک سے تربیت یافتہ دہشت گرد برآمد ہونے کے بعد اس کو امن کا بھاشن یاد آ گیا

لاہور (خصوصی رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ ضمانت پارک سے تربیت یافتہ دہشتگرد برآمد ہونے کے بعد عمران خان کو امن کا بھاشن یاد آ گیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں مریم نواز نے کہا کہ اب اس دہشت گرد کو پتا چل گیا کہ اس کی دہشتگردی پر قانون حرکت میں آئے گا تو اب اسے اکسانا یاد آگیا۔ مسلم لیگ (ن) کی رہنما نے اپنے ٹوئٹ میں مزید کہا ہے کہ ریاست پر حملہ کیا گیا، درجنوں پولیس والوں کے سر پھاڑے گئے، پولیس کی گاڑیاں جلائی گئیں، پیٹرول بم پھینکے گئے۔ اب اس دہشت گرد کو پتہ چل گیا ہے کہ اسکی دہشت گردی پر قانون حرکت میں آئے گا تو اب اسکانا یاد آ گیا۔ ریاست پر حملہ کرنے، درجنوں پولیس والوں کے سر پھاڑنے، پولیس کی گاڑیاں جلانے، پیٹرول بم چلانے اور ضمانت پارک سے تربیت یافتہ دہشت گرد برآمد ہونے کے بعد اس کو امن کا بھاشن یاد آ گیا۔ ضمانت پارک سے تربیت یافتہ دہشتگرد برآمد ہونے کے بعد عمران خان کو امن کا بھاشن یاد آ گیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں مریم نواز نے کہا کہ اب اس دہشت گرد کو پتا چل گیا کہ اس کی دہشتگردی پر قانون حرکت میں آئے گا تو اب اسے اکسانا یاد آگیا۔ مسلم لیگ (ن) کی رہنما نے اپنے ٹوئٹ میں مزید کہا ہے کہ ریاست پر حملہ کیا گیا، درجنوں پولیس والوں کے سر (بقیہ نمبر 47)

اسلامی دنیا کی جامعات کا پانچواں وائس چانسلرز فورم، اختتام پذیر ہوا

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال نے تقریب کی صدارت کی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) اسلامی دنیا کی جامعات کا پانچواں وائس چانسلرز فورم پیر کو اسلام آباد میں اختتام پذیر ہوا۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات جناب احسن اقبال نے اختتامی تقریب کی صدارت کی۔ او آئی سی کے 20 مختلف ممالک کے 40 سمیت 200 سے زائد وائس چانسلرز نے VC فورم میں شرکت کی جس کا انعقاد ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC)، کامسیٹس یونیورسٹی اسلام

پانچواں VCs فورم اسلامی دنیا میں، اعلیٰ تعلیم کی ہیئت بدلنے کے عزم کے ساتھ اختتام پذیر

نگران پنجاب حکومت کا تحریک انصاف کو لاہور میں جلسے کی اجازت دینے کا فیصلہ

لاہور (خبر نگار) نگران پنجاب حکومت نے تحریک انصاف کو لاہور میں جلسے کی اجازت دینے کا فیصلہ کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نگران پنجاب حکومت نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران (بقیہ نمبر 45)

سرگودھا، پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائی میں پندرہ 15 فوڈ پوائنٹس کو جرمانے

سرگودھا (ظہور حسین بخاری سے) فوڈ سیفٹی ٹیم نے کوٹمومن میں کھوئے کی پروڈکشن میں جعل سازی پر 1 شخص کیخلاف مقدمہ درج کروا دیا۔ علاوہ ازیں شہر کے مختلف علاقوں میں چیکنگ کے دوران 6 ڈیری شاپس، 4 کریانہ سٹورز، 2 چکن شاپس، ایک نان شاپ، ایک سویٹ شاپ اور ایک گرینڈنگ یونٹ کو ملاوٹی مصالحہ جات کی پروڈکشن، زائد المیعاد اشیاء کی فروخت، ناقص سٹوریج، نوٹسز کی مسلسل خلاف ورزیوں اور صفائی کے ناقص انتظامات (بقیہ نمبر 46)

توشہ خانہ کیس، نیب نے عمران خان کو آج طلب کرلیا

نیب نے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی طلبی کا دوسرا نوٹس جاری کر دیا

عمران خان کو جاری نوٹس میں نیب راولپنڈی میں پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) نیب نے توشہ خانہ کیس میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) چیئرمین عمران خان کو آج طلب کرلیا۔ ذرائع کے مطابق نیب نے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی طلبی کا دوسرا نوٹس جاری کر دیا۔ نوٹس میں عمران خان کو نیب راولپنڈی میں کی تحقیقاتی ٹیم کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے۔ عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو بھی آج نیب راولپنڈی میں پیش ہونے کا نوٹس جاری کیا جا چکا ہے۔ نیب نے توشہ خانہ کیس میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) چیئرمین عمران خان کو آج طلب کرلیا۔ ذرائع کے مطابق نیب نے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی طلبی کا دوسرا نوٹس جاری کر دیا۔ نوٹس میں عمران خان کو نیب راولپنڈی میں کی تحقیقاتی ٹیم کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے۔ عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو بھی آج نیب راولپنڈی میں پیش ہونے کا نوٹس جاری کیا جا چکا ہے۔

PDM PTI کا احتساب صرف جماعت اسلامی کرے گی، سراج الحق

امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ 16 صفحات پر مشتمل توشہ خانہ کی دستاویزات سے سب کے کرتوت عیاں ہو چکے ہیں

حکمران بین الاقوامی مافیاز ہیں، کچھ مسلم لیگ (ن)، کچھ پی پی اور کچھ پی ٹی آئی میں ہیں، ہر پاکستانی 42 قسم کا ٹیکس ادا کر رہا ہے

بہاولنگر (نیوز رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ اس وقت پاکستان پر 63 ہزار ارب کا قرضہ ہے، ملک کے 18 سو افراد کے 4 ہزار ارب کے اثاثے ملک سے باہر ہیں۔ بہاولنگر کے علاقے خلیل آباد میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے سراج الحق نے کہا کہ ملک میں مہنگائی، بیروزگاری، غربت عروج پر ہے، حکمرانوں کے گھر خوشحال ہیں، حکمرانوں کے کتے فرانس سے درآمد کھانا کھاتے ہیں، حکمران بین الاقوامی مافیاز ہیں، کچھ مسلم لیگ (ن)، کچھ پی پی اور کچھ پی ٹی آئی میں ہیں، ہر پاکستانی 42 قسم کا ٹیکس ادا کر رہا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ 16 صفحات پر مشتمل توشہ (بقیہ نمبر 48)

پوٹھوہار ڈویژن پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائیاں

4895 تھیلے آٹا برآمد، ڈرائیوروں سمیت 08 ملزمان گرفتار

غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پوٹھوہار ڈویژن پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائیاں، آٹے سے لدی 06 گاڑیاں سمگل اور 02 گوداموں میں آٹا ذخیرہ کرنے کی کوشش ناکام، 4895 تھیلے آٹا برآمد، ڈرائیوروں سمیت 08 ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق پوٹھوہار ڈویژن پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کاروائیاں کرتے ہوئے آٹے سے لدی گاڑیاں سمگل اور گوداموں میں آٹا ذخیرہ کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، نصیر آباد پولیس نے ڈرائیور سبز علی، نور محمد، صاحب گل اور عرب گل کو گرفتار کر کے 2315 تھیلے آٹا برآمد، 02 گوداموں سے 230 آٹا برآمد کر کے ملزمان باسط خان اور حضرت خان کو گرفتار (بقیہ نمبر 49)

سرور انجم نامہ نگار جنگ جیو گروپ، صابر مغل کالم نگار کی ہمشیرہ کے انتقال پر بلال اکرم جوپو دیگر سیاسی و سماجی شخصیات کی تعزیت

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گوگیرہ چیئرمین پریس کلب نامہ نگار جنگ جیو ٹیلی غلام سرور انجم مغل، ایڈووکیٹ سینئر صحافی کالم نگار صابر مغل کی ہمشیرہ کے انتقال پر سابقہ پریزیڈنٹ آل پاکستان مسلم لیگ یوتھ ونگ سابقہ پریزیڈنٹ عربی اساتذہ یونین مکتب سکول محمد اکرم جوپو دیگر سیاسی وسماجی (بقیہ نمبر 50)

انوویٹرز سکول دولتالہ میں پوزیشن ہولڈر طلبا طالبات

تقسیم انعامات کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد

صدر مرکزی پریس کلب دولتالہ راجہ صدیق کیانی کی بطور مہمان خصوصی شرکت

گوجرخان (قمر شہزاد) پرائیوٹ تعلیمی ادارے مستقبل کے معماروں کی بہترین ذہنی۔ نشوونما کر رہے ہیں یہ ادارے اصل میں سرکاری تعلیمی اداروں کے معاون ہیں۔ انوویٹرز سکول دولتالہ میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے صدر مرکزی پریس کلب دولتالہ راجہ صدیق کیانی نے کہا کہ سرکاری ٹیچرز کے مقابلے میں بہت کم تنخواہ پر پرائیوٹ ٹیچرز کی کارکردگی کہیں گنا بہتر دکھائی دے رہی ہے کیونکہ زیادہ تر لوگوں کی توجہ پرائیویٹ سکولوں کی طرف ہے جو کہ بچوں کی بہتر تعلیم کے کیلیے بہت زیادہ محنت کرتے ہیں دیگر سماجی شخصیات نے اور طلبا کے والدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی گزشتہ روز (بقیہ نمبر 51)

دولتا: پرنسپل سفینہ فہیم کیانی وصدیق کیانی طلباء کو سالانہ رزلٹ پر انعامات دے رہے ہیں

روزنامہ ڈان کے چیف ایگزیکٹیو اور APNS کے سابق صدر جناب حمید ہارون صاحب کی جانب سے آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کے ممبران کے اعزاز میں بار بی کیو ٹونائٹ ریسٹورنٹ کراچی میں عشائیہ دیا گیا

روزنامہ ڈان کے چیف ایگزیکٹیو اور APNS کے سابق صدر جناب حمید ہارون صاحب کی جانب سے آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کے ممبران کے اعزاز میں بار بی کیو ٹونائٹ ریسٹورنٹ کراچی میں عشائیہ دیا گیا اس موقع پر لی گئی چند تصاویر جن میں جناب حمید ہارون صاحب، APNS کے صدر جناب سید سرمد علی، APNS کی سیکریٹری جنرل محترمہ ناز آفریں سہگل صاحبہ، روزنامہ عوام کوئٹہ/حب/اسلام آباد کے چیف ایڈیٹر جناب وسیم احمد، روزنامہ کلیم سکھر کے چیف ایکزیکٹیو جناب جاوید مہر شمسی، روزنامہ پریس کانفرنس کے جناب عمر بٹ، روزنامہ پاکستان کے جناب مبشر میر، روزنامہ تجارت کے چیف ایگزیکٹیو جمیل اطہر، روزنامہ تجارتی رہبر کے چیف ایڈیٹر شاہد محمد، روزنامہ جدت کراچی کے جناب فیصل شاہجہان، روزنامہ صحافت کے اویس خوشنود علی خان روزنامہ بولان حب کے چیف ایڈیٹر محمد الیاس کمبوہ، یونس مہر، منیر جیلانی، نجم الدین شیخ، ناصر داد بلوچ، ممتاز علی پھلپوٹو، عمران اطہر، رفیق پیرزادہ، عرفان اطہر، سجاد بخاری، سید ہارون شاہ، خواجہ کلیم احمد، عمر شہزاد، امجد علی ہرلحہ و دیگر نمایاں نظر آرہے ہیں۔

مکہ رہائش 500 میٹر
مدینہ رہائش 500 میٹر
عمرہ
رمضان گروپ
پروفیسر محمد طارق صدیقی

22 مارچ 2023 مدینہ-مدینہ (ڈائریکٹ فلائٹ) 2,95,000/- 21 دن پیکج	26 مارچ-15 اپریل جدہ-جدہ (ڈائریکٹ فلائٹ) 3,17,000/- 21 دن پیکج	28 مارچ-18 اپریل جدہ-جدہ (ڈائریکٹ فلائٹ) 3,37,000/- 21 دن پیکج
29 مارچ-18 اپریل مدینہ-مدینہ (ڈائریکٹ فلائٹ) 3,27,000/- 21 دن پیکج	1 اپریل-21 اپریل جدہ-جدہ (ڈائریکٹ فلائٹ) 3,40,000/- 21 دن پیکج	1 اپریل-15 اپریل جدہ-جدہ (ڈائریکٹ فلائٹ) 3,03,000/- 15 دن پیکج

پروفیسر محمد طارق صدیقی
0301-5120966
1st فلور کھوکھر پلازہ، بالمقابل شکیلہ ہسپتال نئی آبادی علی پور اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035